Email:aksriyat@gmail.com | wwwdailyaksriyat.com

اور قیامت کے دن میں سب انبیاء سے متبعین میں اکثریت والا ہوں گا (سنن ابن ماجہ)

روزنامہ اکثریت پشاور

Daily AKSRIYAT

ABC CERTIFIED

ایڈیٹر: ہدایت الرحمٰن ہوتی

مینجنگ ایڈیٹر (اعزازی) سلیم شاہ ہوتی

جلد 8 | منگل 19 مئی 2026ء ، 2 ذی الحجہ 1447ھ، قیمت 15 روپے | شمارہ 229

اشیائے ضروریہ کی ترسیل پابندی نہیں لگ سکتی، وزیراعلیٰ

آٹے اور گندم کی ترسیل پر پابندی کے معاملے پر خیبر پختونخوا حکومت متعدد بار پنجاب حکومت کو خطوط لکھ چکی ہے اور وفاقی حکومت کو بھی اس صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے

سہیل آفریدی کی گندم کی ترسیل پر پابندی اور سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی بندش کے معاملے پر ہونے والے اجلاس کے بعد گورنر اور اسپیکر بابر سلیم کے ہمراہ پریس کانفرنس

پشاور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبائی اسمبلی میں گندم کی ترسیل پر پابندی اور سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی بندش کے معاملے پر ہونے والے اجلاس کے بعد گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کے ہمراہ پریس (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، قازقستان کی فریڈم ہولڈنگ کارپوریشن کے بانی چیئرمین تیمور ترلوف وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

یو اے ای کے نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات اور سفارتکاری ہی دیرپا علاقائی امن، استحکام اور کشیدگی میں کمی کے لیے واحد قابلِ عمل راستہ ہے۔ وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 2)

پن بجلی منصوبے ترجیحات میں شامل ہیں، وزیراعظم

ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگائیں گے جن کے نتائج یقینی ہوں، بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، شہباز شریف

ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے، پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگائیں گے جن کے نتائج یقینی ہوں۔ شہباز شریف کی زیرِ صدارت اجلاس میں رواں برس کے ترقیاتی بجٹ، آئندہ مالی سال کیلئے ترقیاتی بجٹ کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس میں کہا کہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگائیں گے جن کے نتائج یقینی ہوں، پانی کے ذخائر اور پن بجلی منصوبے ترقیاتی بجٹ خرچ کرنیکی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ شہباز شریف نے پاٹڑا بانڈز کے کامیاب اجرا اور اس کی مارکیٹ میں پذیرائی پر وزیرِ خزانہ کی تعریف کی۔ اس کے علاوہ اجلاس میں وزیراعظم نے ریلوے، آئی ٹی اور وزارت پاور کی کارکردگی کی بھی (بقیہ نمبر 3)

پشاور، وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی گورنر اور اسپیکر صوبائی اسمبلی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صحافیوں کے روزگار کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا، شفیع جان

اخبارات کے واجبات کو میڈیا ورکرز کی تنخواہوں اور بقایاجات کی ادائیگی سے مشروط کر دیا ہے، صوبائی وزیر

پشاور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر شفیع جان سے خیبر پختونخوا اسمبلی میں خیبر یونین آف جرنلسٹس کے صدر کاشف الدین سید اور پشاور پریس کلب کے صدر ایم ریاض کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے صوبائی وزیر کو صحافتی اداروں سے صحافیوں کی جبری برطرفیوں، تنخواہوں کی عدم ادائیگی، بقایاجات اور دیگر مسائل (بقیہ نمبر 12)

پاکستان ثالثی، امریکا کے ساتھ مذاکرات کا عمل آگے بڑھ رہا ہے، ایران

تہران (آئی این پی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان بات چیت پاکستان کی ثالثی کے ذریعے جاری ہے، دونوں فریقین نے ایران کی حالیہ تجویز پر اپنے اپنے ردعمل اور آرا بھی ارسال کر دی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کے مطابق ایران کی جنگ کے خاتمہ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ہائیڈرولوجیکل اور ارضیاتی خطرات پر پاک چائنا دوسرے سمپوزیم میں ریمارکس دے رہے ہیں

پاکستانی عازمین کے لیے طبی انتظامات مثالی ہیں، وزیر مذہبی امور

مکہ مکرمہ / اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ کے علاقے العزیزیہ میں قائم پاکستان حج میڈیکل مشن کے مرکزی کلینک کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں قائم مردانہ و زنانہ او پی ڈیز، فارمیسی، لیبارٹری، ڈینٹل یونٹ، الٹراساؤنڈ، ایکسرے اور فزیوتھراپی سمیت مختلف شعبہ جات (بقیہ نمبر 13)

اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ دینی ذمہ داری ہے، مولانا فضل الرحمان

ملک کی تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلنے کے نظریے پر یقین رکھتے ہیں

کراچی (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ صرف آئینی تقاضا نہیں بلکہ ہماری دینی، اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری ہے، جمعیت علمائے اسلام ملک کی تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلنے کے نظریے پر یقین رکھتی ہے اور اسی سوچ کے تحت پارٹی میں (بقیہ نمبر 8)

ڈی آئی خان، پولیس کانسٹیبل کو نامعلوم افراد نے شہید کر دیا

تھانہ یارک کی حدود میں کانسٹیبل عبدالعزیز تھانہ سے چائے پینے کیلئے باہر ہوٹل پر گیا ہوا تھا

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) چائے پینے کیلئے تھانہ یارک سے ہوٹل پر جانیوالے پولیس کانسٹیبل کو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ یارک کی حدود میں کانسٹیبل عبدالعزیز تھانہ سے چائے پینے کیلئے باہر ہوٹل پر گیا ہوا تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے اس پر فائرنگ کر (بقیہ نمبر 9)

ایف پی سی سی آئی کی بجٹ تیاری کیلئے بڑی تجاویز

تنخواہ دار طبقے پر انکم ٹیکس میں کمی، نان ٹیکس سلیب 12 لاکھ کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے تنخواہ دار طبقے پر انکم ٹیکس میں کمی، نان ٹیکس سلیب 12 لاکھ کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے بجٹ کی تیاری کیلئے بڑی تجاویز دے دیں۔ تجاویز کے مطابق سپر ٹیکس اور تنخواہ دار طبقے پر 9 فیصد سرچارج ختم کیا جائے، نان ٹیکس سلیب 6 لاکھ سے بڑھا کر 12 لاکھ کیا جائے۔ ٹیکس ریٹ 35 سے کم کر کے (بقیہ نمبر 10)

وزیر داخلہ محسن نقوی کے ایران کے دورے کی ٹائمنگ کو اہم قرار دیدیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی کے ایران کے دورے کی ٹائمنگ کو اہم قرار دیدیا گیا۔ محسن نقوی کا دورہ تیسرے دن بھی جاری رہا، انہوں نے ایران اور امریکا مذاکرات کے حوالے سے ایرانی قیادت سے ملاقاتیں کی ہیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ ایسے (بقیہ نمبر 4)

کوہاٹ، اورکزئی، مختلف واقعات میں 2 کان کن جاں بحق، ایک زخمی

کوہاٹ (آئی این پی) کوہاٹ اور قبائلی ضلع اورکزئی میں کوئلے کی کانیں گرنے کے دو مختلف واقعات میں کم از کم 2 کان کن جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ جاں بحق اور زخمی ہونے والے کان کنوں کا تعلق ضلع شانگلہ سے بتایا جاتا ہے۔ پہلا حادثہ قبائلی سب ڈویژن درہ آدم خیل کے نواحی علاقے اخوروال میں (بقیہ نمبر 6)

انمول کے معاملے پر پیپلز پارٹی پر دباؤ کی قیاس آرائیاں مسترد

اسلام آباد (آئی این پی) پیپلز پارٹی کے سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کراچی سے گرفتار ہونے والی میپنہ ڈرگز اسمگلر انمول عرف پنکی کے ذریعے پیپلز پارٹی پر دباؤ ڈالنے کی قیاس آرائیوں کو مسترد (بقیہ نمبر 5)

این سی سی آئی اے کی چار سالہ کارکردگی رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کی چار برس کی کارکردگی رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئی۔ دستاویز کے مطابق این سی سی آئی اے کو 2023ء سے اب تک 5 لاکھ 31 ہزار 26 شکایات موصول ہوئیں، گزشتہ چار برس میں (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد کے شہریوں کیلئے نئے روٹس متعارف کروائیں گے

راولپنڈی اسلام آباد میں لوکل ٹرین چلانے کا منصوبہ زیر غور ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ راولپنڈی اسلام آباد میں لوکل ٹرین چلانے کا منصوبہ زیر غور ہے، اسلام آباد کے شہریوں کیلئے نئے اور سستے روٹس متعارف کروائیں گے، دہشت گردی کی وجہ سے کتنے دفاتر بند کیے گئے فی الحال ڈیٹا نہیں ہے، بلوچستان میں نادرا کے دفاتر (بقیہ نمبر 15)

سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی معطلی، وزیراعظم کو خط ارسال

گیس بندش نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافے کا باعث بن رہی ہے بلکہ امن وامان کی صورتحال متاثر ہونے کا خدشہ ہے، خط میں موقف

پشاور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے وزیراعظم پاکستان کو خیبر پختونخوا میں سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی معطلی کے مسئلے پر ایک خط ارسال کرتے ہوئے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے خط میں موقف اختیار کیا ہے کہ صوبے میں سی این جی سیکٹر کو گیس کی فراہمی کی بندش نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافے کا باعث بن رہی ہے بلکہ اس کے نتیجے میں امن وامان کی صورتحال متاثر ہونے کا خدشہ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب محسن مدز وجیائی کی قیادت میں آل بی کے وفد کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

ڈی آئی خان، کلاچی میں فائرنگ سے ایک شخص کو موت قتل کر دیا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) نامعلوم وجوہات کی بنا پر نامعلوم ملزمان نے کلاچی شہر میں فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 17)

کاروباری مراکز کی بندش کے اوقات میں بڑی رعایت

تمام بازار، ڈپارٹمنٹل اسٹورز، شاپنگ مالز ہفتہ بھر معمول کے مطابق کھلے رہ سکیں گے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت پاکستان نے کاروباری اوقات کار سے متعلق رعایت دے دی۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے 31 مئی تک ملک بھر میں کاروباری مراکز کو بندش کے مقررہ اوقات کار سے استثنیٰ دے دیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 31 (بقیہ نمبر 16)

پشاور، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کلائمیٹ جسٹس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اللہ تعالیٰ نے معرکہ حق میں پاکستان کو کامیابی عطا کی، رانا ثناء

دشمن مسلم امہ کو لڑانا چاہتا تھا، پاکستان نے اسے ناکام بنایا، مشیر وزیراعظم

پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کو رکوایا، تقریب سے خطاب

فیصل آباد (آئی این پی) مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کو رکوایا، دشمن مسلم امہ کو لڑانا چاہتا تھا لیکن پاکستان نے اسے ناکام بنایا۔ فیصل آباد میں تقریب سے خطاب میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے معرکہ حق میں پاکستان کو کامیابی عطا کی، ہندوستان خود کو پاکستان سے 10 گنا بڑا سمجھتا تھا، دین اور عقیدے پر یقین ہو تو اللہ تعالیٰ کامیابی دیتا ہے، معرکہ حق کی کامیابی کے بعد ہر دن پاکستان کی عزت میں اضافہ کرتا چلا گیا۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ دنیا کی سپر پاور (بقیہ نمبر 7)

ترقیاتی منصوبے، 10 فیصد سے کم فنڈز مختص کرنے کی تجویز

بجٹ میں پہلے سے جاری منصوبے کو ترجیح دی جائے گی، آئی ایم ایف کو یقین دہانی

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے آئی ایم ایف کو بجٹ میں پہلے سے جاری ترقیاتی منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی یقین دہانی کرا دی گئی۔ آئی ایم ایف سے مذاکرات کے دوران حکومت نے نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے محدود مالی گنجائش کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پرائیویٹ (بقیہ نمبر 23)

کابینہ میں 28 ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی ہے، خواجہ آصف

بھارت کو جو پہلے مار پڑی ہے ابھی تک اسے سہلا رہا ہے، وزیر دفاع کا انٹرویو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم پر کابینہ میں ابھی تک کوئی بات نہیں ہوئی ہے، اگر بھارت نے دوبارہ للکارا تو بھارت کا جغرافیہ بدل کر اسے تاریخ کا حصہ بنا دیں گے۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارتی آرمی چیف کی دھمکی کا جواب (بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم سے فریڈم ہولڈنگ کارپوریشن کے بانی کی ملاقات

ریٹیل بروکریج، اسلامی بینکاری، فنٹیک جدت اور کیپٹل مارکیٹ کی ترقی جیسے شعبوں میں ممکنہ تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے فریڈم ہولڈنگ کارپوریشن کے بانی، چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب تیمور ترلوف نے ملاقات کی جس میں ریٹیل بروکریج، اسلامی بینکاری، فنٹیک جدت اور کیپٹل مارکیٹ کی ترقی جیسے شعبوں میں ممکنہ تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ وزیراعظم (بقیہ نمبر 18)

مشرق وسطیٰ سے پاکستانیوں کی بے دخلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، طارق فضل

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ مشرق وسطیٰ سے پاکستانیوں کی بے دخلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، سوشل میڈیا پر اس حوالے سے چلنے والی خبریں بے بنیاد ہیں۔ پیر کو وقفہ سوالات کے دوران مشرق وسطیٰ سے پاکستانیوں کی بے (بقیہ نمبر 29)

ضم اضلاع میں لاکھوں گاڑیاں غیر رجسٹرڈ ہونے کا انکشاف

صوبائی حکومت کا صوبے بھر میں تمام غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن کا فیصلہ

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع میں لاکھوں غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد حکومت نے صوبے بھر میں تمام غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کا دہشت گردی اور دیگر بدامنی کے واقعات میں استعمال (بقیہ نمبر 31)

باجوڑ میں انسداد پولیو ٹیموں پر فائرنگ کی شدید مذمت

دو پولیس اہلکاروں کی شہادت انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، صوبائی وزیر

پشاور (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر شفیع جان نے ضلع باجوڑ کی تحصیل سالارزئی میں انسداد پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ یہاں سے جاری اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر شفیع جان نے شہید پولیس (بقیہ نمبر 32)

ٹک ٹاکر ثنا یوسف قتل کیس، ملزم نے الزامات کو مسترد کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) ٹک ٹاکر ثنا یوسف کے قاتل عمر حیات نے اپنے اوپر عائد الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرا ثنا یوسف سے کوئی جھگڑا یا رابطہ تھا، ہی میں نے کبھی ملاقات کی درخواست کی۔ پیر کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکا نے ٹک ٹاکر (بقیہ نمبر 33)

کرم، طالبات کی تصاویر وائرل کرنے کا نوٹس، 5 رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل

کوہاٹ (آئی این پی) قبائلی ضلع کرم کی لوئر تحصیل میں واقع گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج علی زئی کی طالبات کی تصاویر مبینہ طور پر سوشل میڈیا پر شیئر کیے جانے کے واقعے کے بعد علاقے میں شدید ردعمل سامنے آیا ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ نے واقعے کی تحقیقات کے لیے پانچ رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی (بقیہ نمبر 30)

صوبائی وزیر خلیق الرحمان اور چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ محکمہ صحت کے جائزہ اجلاس کی مشترکہ صدارت کر رہے ہیں

سالارزئی میں پولیو ٹیموں پر فائرنگ کے واقعے کا نوٹس

انسپکٹر جنرل پولیس سے پولیو ٹیموں پر ہونے والے حملوں کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی گئی

پشاور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے ضلع باجوڑ کی تحصیل سالارزئی میں پولیو ٹیموں پر فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے اور انسپکٹر جنرل پولیس سے پولیو ٹیموں پر ہونے والے حملوں کی تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے واقعے میں پولیو (بقیہ نمبر 25)

مہنگائی و بیروزگاری کے چار بدترین سال پورے ہونگے، مزمل اسلم

پنجاب نے گندم کیلئے راستے بند کئے تو وفاقی حکومت سے اجازت طلب کریں گے، مشیر خزانہ

پشاور (سٹی رپورٹر) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے خیبر پختونخوا حکومت کے گندم پریکیورمنٹ کے حوالے سے اہم بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کی گندم خریداری کے دوران اگر پنجاب حکومت نے آرٹیکل 151 کی خلاف ورزی کی اور گندم آمدورفت کیلئے راستے بند کئے تو پھر (بقیہ نمبر 26)

محکمے کے سینئر افسر کو ڈی جی تعینات کیا جائے، محمد سجاد

ڈی جی کی عدم موجودگی محکمے کی انتظامی اور عملی کارکردگی کو شدید متاثر کر رہی ہے

پشاور (سٹی رپورٹر) انفارمیشن ویلفیئر ایسوسی ایشن نے محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ میں ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) کے عہدے کی طویل خالی آسامی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر محکمے کے سینئر ترین اہل افسر کو ڈائریکٹر جنرل تعینات کیا جائے۔ پیر کے روز منعقدہ (بقیہ نمبر 27)

وزیر خزانہ کاروباری برادری کیساتھ مسلسل رابطے کے حکومتی عزم کا اعادہ

اقتصادی ترقی، برآمدات، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ضمن میں شراکت داروں سے مشاورت پالیسی سازی کا اہم حصہ رہے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کاروباری برادری کے ساتھ مسلسل رابطے کے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقتصادی ترقی، برآمدات، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ضمن میں شراکت داروں سے مشاورت پالیسی سازی کا اہم حصہ رہے گی۔ وہ پیر کو یہاں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس کی قیادت (بقیہ نمبر 34)

صوبائی وزیر اطلاعات شفیع جان خیبر پختونخوا اسمبلی میں صحافیوں کے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

منشیات ایک لعنت ہے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کے لیے کھیلوں کا فروغ ناگزیر ہے

پشاور) نمائندہ خصوصی (پختونخوا قومی جرگہ تپہ خلیل کے چیف فخر عالم خلیل نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ جہاں کھیلوں کے میدان آباد ہوں گے وہاں ہسپتال ویران ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کے لیے کھیلوں کا فروغ ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیگ کے افتتاحی میچ کے موقع پر بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی میچ مارخور ٹیم اور آر سی سی) ریگی کرکٹ کلب (کے درمیان کھیلا گیا جس میں کھلاڑیوں نے شاندار کھیل پیش کرکے شائقین کرکٹ سے خوب داد وصول کی۔ فخر عالم خلیل نے کہا کہ نوجوان معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی مثبت سرگرمیوں کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اور ان کی ٹیم نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے میدان آباد کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ کھیل نوجوانوں کو منشیات اور دیگر منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ میچ میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مارخور ٹیم نے مقررہ 10 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 120 رنز بنائے۔ مارخور کے بیٹرز نے جارحانہ انداز اپنایا تاہم آر سی سی کے بولرز نے بہترین بالنگ کرتے ہوئے مخالف ٹیم کو بڑا اسکور کرنے سے روک دیا۔ آر سی سی کی جانب سے اسد اللہ نے شاندار بالنگ کا مظاہرہ کیا اور اپنے 3 اوورز میں صرف 14 رنز دے کر 3 اہم وکٹیں حاصل کیں۔ ان کی عمدہ بالنگ نے میچ کا پانسہ بدلنے میں اہم کردار ادا کیا۔ 120 رنز کے ہدف کے تعاقب میں آر سی سی نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 9 اوورز میں مطلوبہ ہدف حاصل کرکے میچ اپنے نام کرلیا۔

ٹیم کے بلے بازوں نے ابتدا ہی سے مثبت انداز اپنایا اور شاندار اسٹروکس کھیل کر شائقین کو خوب محظوظ کیا۔ محمد نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 50 رنز اسکور کیے جس پر انہیں مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ ان کی شاندار اننگز نے ٹیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ میچ کے اختتام پر آر سی سی کے کپتان ساران علی نے کہا کہ کامیابی پوری ٹیم کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہے۔

متحدہ عرب امارات میں نجی کمپنیوں کیلئے تنخواہیں وقت پر دینا لازمی قرار

ابوظہبی (آئی این پی) متحدہ عرب امارات کی وزارتِ محنت نے نجی کمپنیوں کے لیے نیا قانون نافذ کردیا ہے جس کے تحت ملازمین کو ہر ماہ کی تنخواہ زیادہ سے زیادہ پہلی تاریخ تک ادا کرنا لازمی ہوگا۔ یو اے ای کی وزارتِ محنت کے حکام کے مطابق تنخواہوں میں تاخیر کرنے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی اور جرمانے کیے جائیں گے۔ وزارتِ محنت نے کہا کہ پہلی تاریخ گزرنے کے بعد تنخواہ کی ادائیگی کو سسٹم میں تاخیر تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ کمپنیوں کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔ اس اقدام کا مقصد ملازمین کے حقوق کا تحفظ اور بروقت تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنانا ہے۔ حکام کے مطابق نئی پالیسی صرف نجی شعبے کی کمپنیوں پر لاگو ہوگی جبکہ سرکاری ادارے اس قانون میں شامل نہیں ہوں گے۔ وزارتِ محنت نے کہا کہ پہلی تاریخ گزرنے کے بعد تنخواہ کی ادائیگی کو سسٹم میں تاخیر تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ کمپنیوں کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔ اس اقدام کا مقصد ملازمین کے حقوق کا تحفظ اور بروقت تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنانا ہے۔ حکام کے مطابق نئی پالیسی صرف نجی شعبے کی کمپنیوں پر لاگو ہوگی جبکہ سرکاری ادارے اس قانون میں شامل نہیں ہوں گے۔

ڈبلیو ایس ایس سی کوہاٹ کے ہیڈ آف آپریشنز طاہر عفیف خصوصی پلان کے حوالے سے فیلڈ سپروائزرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چینی فوج کی جنوبی بحیرہ چین میں فلپائن کی غیر قانونی سرگرمیوں کی مخالفت

بیجنگ (شنہوا) چین نے جنوبی بحیرہ چین میں فلپائن کے غیر قانونی قبضے والے چینی جزائر اور چٹانوں پر فلپائن کی جانب سے کسی بھی قسم کی تعمیراتی سرگرمی کی سختی سے مخالفت کی ہے۔ چینی وزارت دفاع کے ترجمان جیانگ بن نے یہ بات ان رپورٹس کے جواب میں کہی جن میں بتایا گیا ہے کہ سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوا ہے کہ فلپائن نان شا جزائر میں اپنے زیرِ قبضہ جزائر اور چٹانوں پر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں تیزی لا رہا ہے۔ ایک پریس بریفنگ کے دوران جیانگ نے کہا کہ نان شا جزائر اور ان کے قریبی پانیوں پر چین کی خودمختاری غیر متنازعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم فلپائن کی جانب سے ژونگ ئے ڈاو اور ماہوان ڈاو سمیت غیر قانونی طور پر زیرِ قبضہ تمام چینی جزائر اور چٹانوں پر تعمیراتی سرگرمیاں انجام دینے کی شدید مخالفت کرتے ہیں۔ جیانگ نے مزید کہا کہ چین اپنی علاقائی خودمختاری اور سمندری حقوق و مفادات کے تحفظ کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔

کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے ویٹرنری ڈسپنسری کوٹلی میلہ گاہ کے زیرِ نگرانی خصوصی سپرے مہم کامیابی سے جاری

سوات (سٹاف رپورٹر) محکمہ لائیوسٹاک خیبر پختونخوا کی جانب سے کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے ویٹرنری ڈسپنسری کوٹلی میلہ گاہ کے زیرِ نگرانی خصوصی سپرے مہم کامیابی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں کوٹلی، میلہ گاہ اور نواحی علاقوں کی مویشی منڈیوں، باڑوں اور جانوروں پر جراثیم کش سپرے کیا جا رہا ہے تاکہ کانگو وائرس کے خطرات کو کم کیا جا سکے۔ یہ مہم سیکرٹری لائیوسٹاک خیبر پختونخوا ظریف المعانی، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک ڈاکٹر اصل خان اور ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک سوات ڈاکٹر سربلند خان کی خصوصی ہدایات کے مطابق جاری ہے۔ ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر طارق حیات کی نگرانی میں تشکیل دی گئی ٹیمیں مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سپرے اور آگاہی سرگرمیاں انجام دے رہی ہیں۔ محکمہ لائیوسٹاک کے حکام کے مطابق عیدالاضحیٰ کے پیش نظر مویشی منڈیوں میں حفاظتی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر طارق حیات نے مویشی پال حضرات اور عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ جانوروں کی خرید و فروخت کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، حفاظتی دستانے استعمال کریں

اسرائیل نے پھر غزہ کیلئے امداد لیجانے والے گلوبل صمود فلوٹیلا کو روک لیا

اسرائیلی فورسز نے گرفتار کرلیا ہے، وطن واپس لانا حکومتِ پاکستان کی ذمے داری ہے، سعد ایدھی

غزہ (آئی این پی) غزہ کے لیے روانہ ہونے والے امدادی مشن میں شامل پاکستان کے سماجی کارکن سعد ایدھی سمیت متعدد بین الاقوامی کارکنوں کو اسرائیلی فورسز نے حراست میں لے لیا۔ سعد ایدھی، ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی کے بیٹے ہیں۔ سعد ایدھی ترکیہ کے شہر مارمارس سے فریڈم فلوٹیلا کے قافلے کے ہمراہ غزہ روانہ ہوئے تھے۔ اس مشن میں دنیا بھر سے 500 سے زائد کارکن شریک ہیں جن کا مقصد غزہ تک انسانی امداد پہنچانا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو بیان میں سعد ایدھی نے کہا کہ اگر یہ ویڈیو دنیا دیکھ رہی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ انہیں اسرائیلی فورسز نے گرفتار کرلیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں وطن واپس لانا حکومتِ پاکستان کی ذمے داری ہے۔ سعد ایدھی کے مطابق بحیرہ روم میں گلوبل صمود فلوٹیلا کے قافلے کا جنگی بحری جہازوں کے ذریعے پیچھا کیا جا رہا تھا جبکہ ایک کشتی نے امدادی جہاز کو روک بھی لیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ غزہ کو امداد پہنچانے کا یہ ایک پرامن مشن ہے تاہم خدشہ تھا کہ بین الاقوامی پانیوں میں انہیں گرفتار کیا جا سکتا ہے۔

باجوڑ میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکار شہید

نماز جنازہ ادا، علاقائی مشران کا پولیو مہم سے بائیکاٹ کا اعلان

باجوڑ (نمائندہ خصوصی) باجوڑ میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکار شہید، نماز جنازہ ادا، علاقائی مشران کا پولیو مہم سے بائیکاٹ کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق انسداد پولیو مہم کے پہلے ہی روز تحصیل سلارزئی کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر دو گھات لگا کر حملے کیے گئے، جس کے نتیجے میں دو پولیس کانسٹیبل شہید ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پہلا حملہ تحصیل سلارزئی کے علاقے ڈاگ قلعہ نازئی میں پیش آیا جہاں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور کانسٹیبل سید عزیز کو نامعلوم افراد نے نشانہ بنایا، جو موقع پر ہی شہید ہو گئے۔ پولیس اس واقعے کی تحقیقات اور سرچ آپریشن میں مصروف تھی کہ اسی دوران تحصیل سلارزئی کے گاں "تمئی" میں پولیو ٹیم پر دوسرا حملہ کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق دوسرے واقعے میں پولیو ڈیوٹی سے واپس آنے والے کانسٹیبل سید قادر شاہ نامعلوم افراد کی اندھا دھند فائرنگ کا نشانہ بنے اور شدید زخمی ہونے کے بعد دم توڑ گئے۔ دونوں شہید اہلکاروں کی میتیں باجوڑ پولیس لائنز منتقل کر دی گئیں۔ بعد ازاں پولیو ڈیوٹی کے دوران شہید ہونے والے دونوں پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں ڈپٹی کمشنر باجوڑ شاہد علی، ڈی پی او باجوڑ محمد خالد، پولیس اور سیکیورٹی اہلکاروں سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ کے موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے کو ملے، ہر آنکھ اشکبار تھی جبکہ اہل خانہ کی آہ و بکا سے فضا سوگوار ہو گئی۔ اس موقع پر باجوڑ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہدا کی میتوں کو سلامی پیش کی، جس کے بعد انہیں سرکاری اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کر دیا گیا۔ نماز جنازہ کے موقع پاکستان پیپلز پارٹی کے صدر حاجی شیر بہادر، اے این پی رہنما سید صدیق اکبر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سے مطالبہ کیا

تہران، خلیج فارس آبنائے ہرمز اتھارٹی نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ لانچ کردیا

تہران (آئی این پی) تہران میں ایران کی جانب سے قائم کی گئی خلیج فارس آبنائے ہرمز اتھارٹی نے باقاعدہ طور پر اپنا سوشل میڈیا اکانٹ لانچ کر دیا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق نئی اتھارٹی آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں کی آمدورفت، نگرانی اور آپریشنل معاملات سے متعلق معلومات اور اپ ڈیٹس جاری کرے گی۔ واضح رہے کہ ایران نے چند روز قبل آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کے انتظام اور نگرانی کے لیے ہرمز اتھارٹی قائم کرنے کا اعلان کیا تھا، جسے خطے میں ایک اہم اور حساس پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل اور گیس کی ترسیل کے لیے انتہائی اہم سمندری گزرگاہ سمجھی جاتی ہے،

مالم جبہ میں کیبن سٹی اور کار پارکنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا فیصلہ

منصوبے سے سیاحوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی، سیاحت کو مزید فروغ حاصل ہوگا

سوات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت کی زیر صدارت مالم جبہ میں سیاحت کے فروغ، بڑھتی ہوئی سیاحتی سرگرمیوں کو منظم بنانے اور سیاحوں کو جدید و معیاری سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں کیبن سٹی اور کار پارکنگ کے مجوزہ منصوبے سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی شوذب عباس، اسسٹنٹ کمشنر چار باغ منیر خان حلیم زئی اور نمائندہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چار باغ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن سوات خالد محمود، ریونیو فیلڈ سٹاف اور دیگر متعلقہ حکام بھی شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مالم جبہ میں سیاحوں کی بڑھتی ہوئی آمد، پارکنگ مسائل، ٹریفک دبا اور جدید رہائشی و تفریحی سہولیات کی ضرورت کے پیش نظر کیبن سٹی اور باقاعدہ کار پارکنگ کے قیام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے مجوزہ منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر تجاویز اور تکنیکی آرا پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے سے نہ صرف سیاحوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ مالم جبہ میں سیاحت کو بھی مزید فروغ حاصل ہوگا، ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مالم جبہ خیبر پختونخوا کا اہم سیاحتی مقام ہے جہاں ہر سال ہزاروں ملکی و غیر ملکی سیاح آتے ہیں

کوہاٹ، چیئرمین ڈیڈک دادشاہ آفریدی گیس فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی زیر صدارت کررہے ہیں

کوہاٹ میں بنیادی مسائل حل کرنیکی یقین دہانی

چیئرمین ڈیڈک داد آفریدی کا گیس مسائل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کا حکم

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) ضلع کوہاٹ میں گیس کی فراہمی، کم پریشر اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس چیئرمین ڈیڈک و رکن صوبائی اسمبلی داد شاہ آفریدی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا جس میں مول، او جی ڈی سی ایل اور ایس این جی پی ایل کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوہاٹ کے مختلف علاقوں میں گیس کی غیر متوازن فراہمی، کم پریشر، نئی گیس سکیموں میں تاخیر، نامکمل منصوبوں اور عوام کو درپیش مشکلات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ متعلقہ اداروں کے حکام نے جاری منصوبوں، تکنیکی مسائل اور گیس سپلائی کی صورتحال پر بریفنگ بھی دی۔ اس موقع پر داد آفریدی نے متعلقہ اداروں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام طویل عرصے سے گیس کے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ متعدد علاقوں میں کم پریشر اور غیر اعلانیہ بندشوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں مزید غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے حکام کو ہدایت جاری کی کہ گیس سے متعلق تمام شکایات کے فوری ازالے کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے اور ایسے علاقوں کو ترجیح دی جائے جہاں عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلع کوہاٹ کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے لہذا ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں نئی گیس سکیموں پر پیشرفت، پائپ لائنوں کی اپ گریڈیشن، کم پریشر کے مستقل حل اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ داد شاہ آفریدی نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد ریلیف فراہم کیا جا سکے اور ضلع میں گیس فراہمی کا نظام مزید بہتر بنایا جا سکے۔

جی ایم پیسکو کل فیس بک لائیو کچہری کا انعقاد کریں گے

پیسکو ریجن کے صارفین گھر بیٹھے اپنی شکایات کا اندراج کمپلینٹ سیکشن میں کرا سکتے ہیں

پشاور (سٹاف رپورٹر) سی ای او پیسکو انجینئر اختر حمید خان کی ہدایت پر جنرل منیجر آپریشن پیسکو انجینئر محمد زبیر خان کل مورخہ 20 مئی بروز بدھ صبح 9 بجے سے 10 بجے تک فیس بک پر لائیو کچہری کا انعقاد کریں گے، ای کچہری کے دوران پیسکو ریجن بشمول پشاور، خیبر، صوابی، مردان، سوات، ڈی آئی خان اور بنوں سرکلز کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل / شکایات کا اندراج کمپلینٹ سیکشن میں کرا سکتے ہیں اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے پیسکو انتظامیہ موقع پر احکامات جاری کرے گی، ای کچہری کے دوران اپنا مکمل نام، پتہ، رابطہ نمبر اور بجلی کے بل کا حوالہ نمبر لازمی بتائیں، ای کچہری پیسکو آفیشل فیس بک پیج www.facebook.com/PESCOKPK پر صبح 9 سے 10 بجے تک منعقد کی جائیگی

چین اور روس کے مختلف شعبوں میں تعاون کے مثبت اور مفید نتائج برآمد ہوئے، چینی نائب وزیر اعظم

ہاربن (شنہوا) چین کے نائب وزیر اعظم ژانگ گوچھنگ نے کہا ہے کہ چین اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون دونوں ممالک کے سربراہانِ مملکت کی تزویراتی رہنمائی میں شاندار اور مثبت نتائج حاصل کر رہا ہے۔ ژانگ گوچھنگ جو کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن بھی ہیں، نے یہ بات چین کے شمال مشرقی صوبے جی لونگ جیانگ کے دارالحکومت ہاربن میں منعقدہ 10 ویں چین-روس ایکسپو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ افتتاحی تقریب کے دوران ژانگ گوچھنگ اور روس کے نائب وزیر اعظم و صدر کے فار ایسٹرن فیڈرل ڈسٹرکٹ کے خصوصی نمائندے یوری تروتنیف نے دونوں ممالک کے سربراہان کے تہنیتی خطوط بھی پڑھ کر سنائے۔ ژانگ نے کہا کہ چین روس کے ساتھ مل کر دونوں سربراہان کے اہم اتفاق رائے پر عملدرآمد جاری رکھنے، چین-روس نمائش جیسی تقریبات سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور دونوں ممالک کے درمیان شمال مشرق-مشرق بعید تعاون کے طریقہ کار کو موثر بنانے کے لئے تیار ہے تاکہ باہمی فائدے اور مشترکہ ترقی کے لئے مزید مواقع پیدا کئے جا سکیں۔

خیبر میڈیکل یونیورسٹی میں عالمی یومِ مڈوائیوز کے موقع پر سیمینار کے بعد شرکاء آگاہی واک میں شریک ہیں

آر ٹی ایس کمیشن کے احکامات پر شہری کی ایف آئی آر درج

اسلحہ لائسنس جاری، آر ٹی ایس کمیشن میں پندرہ شہریوں کے شکایات کے شنوائی

پشاور (سٹی رپورٹر) رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن میں پندرہ عوامی شکایات کی شنوائی ہوئی۔ چیف کمشنر محمد علی شہزادہ اور کمشنر ذاکر حسین آفریدی نے شہریوں کے درخواستوں پر سماعت کی۔ چارسدہ سے معزم علی نے گاڑی کی رجسٹریشن کے لیے کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ کمیشن کے احکامات کے باوجود تاخیر ہونے پر شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔ لکی مروت سے ناز علی نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی جس پر کمیشن کے احکامات کے مطابق ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ بنوں سے پرویز خان نے اسلحہ لائسنس کے اجرا کے لیے کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ کمیشن کے احکامات پر شہری کو اسلحہ لائسنس جاری کیا گی۔ کمیشن نے تمام شکایت کنندگان کی شکایات کو جلدی نمٹانے کی ہدایت کی۔ جاسم خان نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی جس پر رپورٹ درج کروا کے انکوائری کا آغاز کر دیا گیا۔ اسی طرح زمین کی حد براری کی چھ درخواستوں، فرد کے ایک، وراثتی انتقالات کی دو، ایف آئی آر کی چار، گاڑی کے رجسٹریشن کے ایک اور اسلحہ لائسنس کے ایک درخواست پر کارروائی کی گئی

بھارت، جہیز کی لالچ کے سبب ایک اور بہو کی پراسرار موت کا انکشاف

سسرال والے فورچیونر گاڑی اور 51 لاکھ روپے مانگ رہے تھے، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی شہر گریٹر نوئیڈا میں 25 سالہ دیپکا نگر شادی کے 17 ماہ بعد اپنے سسرال کی چھت سے گرنے کے بعد ہلاک ہوگئی جبکہ اس کے اہلِ خانہ نے اس حادثے کو بیٹی کا قتل قرار دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دیپکا نگر کے والد سنجے نگر نے الزام لگایا ہے کہ شادی کے بعد سے ہی سسرال والے اضافی جہیز کا مطالبہ کر رہے تھے، شادی میں تقریباً 1 کروڑ روپے خرچ کیے گئے جن میں 11 لاکھ نقدی، 50 لاکھ کے زیورات، فرنیچر اور اسکارپیو گاڑی شامل تھی۔ اس کے باوجود سسرال والے فورچیونر گاڑی اور مزید 51 لاکھ روپے مانگ رہے تھے۔ دیپکا کے والد کا کہنا تھا کہ بیٹی کو شادی کے چند ماہ بعد ہی ذہنی اور جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا جانے لگا تھا، واقعے سے چند گھنٹے پہلے بھی دیپکا نے روتے ہوئے اپنے گھر والوں کو فون کیا اور بتایا کہ شوہر اور سسرال والے اسے مار پیٹ رہے ہیں۔ اہلِ خانہ شام کو سسرال پہنچے اور معاملہ سلجھانے کی کوشش کی تاہم رات تقریباً ساڑھے 12 بجے اطلاع ملی کہ دیپکا چھت سے گر گئی ہے، والد نے دعوی کیا ہے کہ بیٹی کے جسم پر تشدد کے نشانات تھے

صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے صاف پانی ناگزیر ہے، فضل شکور

دیہی علاقوں میں واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں

پشاور (سٹی رپورٹر) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان سے ان کے دفتر پشاور میں یوسیف کے نمائندہ وفد نے پیر کے روز اہم ملاقات کی۔ وفد کی قیادت یوسیف کی سینئر کوارڈینیشن آفیسر نوشین ملک نے کی جبکہ فیلڈ منیجر عرفان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ملاقات میں سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مسعود یونس، چیف انجینئر سنٹر امجد شمشیر اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے دیگر متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ ملاقات کے دوران صوبے میں صاف پانی کی فراہمی، سینیٹیشن اور ڈرینیج کے شعبوں میں جاری منصوبوں اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یوسیف کے نمائندہ وفد نے صوبائی وزیر کو خیبر پختونخوا اور بالخصوص ضلع چارسدہ میں یوسیف کی جاری واٹر سپلائی، سینیٹیشن اور ڈرینیج منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد نے منصوبوں کی پیش رفت، درپیش چیلنجز اور عوام کو صاف پانی اور بہتر نکاسی آب کی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ یوسیف مختلف علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، حفظانِ صحت سے متعلق آگاہی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اس موقع پر مستقبل میں مزید مشترکہ منصوبوں اور تکنیکی تعاون کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔ صوبائی وزیر فضل شکور خان نے صوبے میں عوام کو صاف پانی اور بہتر سینیٹیشن سہولیات کی فراہمی کو حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت شہری اور دیہی علاقوں میں واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے صاف پانی اور موثر سینیٹیشن نظام ناگزیر ہے۔ صوبائی وزیر نے یوسیف کی جانب سے خیبر پختونخوا میں جاری ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ یوسیف کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا تاکہ جاری منصوبوں کو بروقت اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جا سکے۔

چین کا شجرکاری ماڈل پاکستان کے موسمیاتی تحفظ کے لیے مؤثر راستہ بن سکتا ہے، ویلتھ پاکستان

صحرائی پھیلاؤ پر قابو پانے میں چین کی کامیابی پاکستان کے لیے براہِ راست اہمیت رکھتی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی موسمیاتی تحفظ کی صلاحیت کا انحصار اس بات پر بڑھتا جا رہا ہے کہ وہ خراب شدہ زمین کی بحالی، آبی گزرگاہوں کے تحفظ اور جنگلات کے رقبے میں اضافے کے لیے کتنے مؤثر اقدامات کرتا ہے۔ چین کا طویل المدتی شجرکاری اور صحرا زدگی پر قابو پانے کا تجربہ ایک ایسا عملی نمونہ پیش کرتا ہے جس میں ٹیکنالوجی، مؤثر نظم و نسق اور عوامی شمولیت کو قومی سطح کی سبز ترقی کی حکمت عملی میں شامل کیا گیا ہے۔ چین کے سرکاری خبر رساں ادارے شنہوا نے چین کے محکمہ جنگلات کے حوالے سے بتایا کہ چودھویں پانچ سالہ منصوبے کے دوران چین نے 54 کروڑ 90 لاکھ مو رقبے پر شجرکاری کی، 43 لاکھ 40 ہزار مو سے زائد دلدلی علاقوں کو بحال کیا جبکہ 15 کروڑ 20 لاکھ مو صحرائی اور بنجر زمین کو قابلِ استعمال بنایا جس کے نتیجے میں جنگلات کا مجموعی رقبہ بڑھ کر 25.09 فیصد تک پہنچ گیا۔ پاکستان کے لیے، جہاں وزارتِ موسمیاتی تبدیلی کے مطابق جنگلات کا رقبہ مجموعی زمین کے 5 فیصد سے بھی کم ہے، اصل سبق صرف زیادہ درخت لگانے میں نہیں بلکہ شجرکاری کو ماحولیاتی تقسیم، نگرانی، تحفظ اور طویل مدتی دیکھ بھال کے ساتھ مربوط کرنے میں ہے۔ ویلتھ پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے دیامر کے محافظِ جنگلات آفتاب محمود نے کہا کہ صحرائی پھیلاؤ پر قابو پانے میں چین کی کامیابی پاکستان کے لیے براہِ راست اہمیت رکھتی ہے کیونکہ دونوں ممالک کو نازک ماحولیاتی نظام، بڑھتے موسمی دباؤ اور زمین کی خرابی جیسے مشترکہ چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین نے سائنسی بنیادوں پر زمین کے انتظام، بڑے پیمانے پر شجرکاری اور خشک سالی و شدید گرمی برداشت کرنے والی پودوں کی اقسام کے ذریعے خراب شدہ علاقوں کی بحالی کا مؤثر طریقہ دکھایا ہے۔ ان کے مطابق یہ اقدامات پاکستان کے خشک، نیم خشک اور پہاڑی علاقوں کے لیے خاص طور پر اہم ہیں جہاں مٹی کا کٹاؤ، جنگلات کی کمی اور بارشوں کے بدلتے رجحانات ماحولیاتی توازن کو کمزور کر رہے ہیں۔ آفتاب محمود نے مزید کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری بنیادی ڈھانچے سے آگے بڑھتے ہوئے موسمیاتی تحفظ کے شعبے میں تعاون کا اہم ذریعہ بن سکتی ہے۔ پاکستان جغرافیائی معلوماتی نظام پر مبنی نگرانی، دور سے مشاہدے کی ٹیکنالوجی اور موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ شجرکاری منصوبہ بندی میں چین کی مہارت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے جس سے جنگلاتی محکمے خطرے سے دوچار علاقوں کی نشاندہی، پودوں کی بقا کی نگرانی اور تحفظاتی نظام کو مضبوط بنا سکیں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ کامیابی کے لیے مؤثر حکمرانی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے بقول اگر ہم مضبوط نظم و نسق قائم کریں، جنگلاتی وسائل کے سخت تحفظ کو یقینی بنائیں اور مقامی آبادی کی شمولیت کو فروغ دیں تو ہم زمین کی خرابی کو مؤثر انداز میں روک سکتے ہیں اور ماحولیاتی توازن بحال کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین تعاون کمزور زمینوں کو پائیدار اور پیداواری ماحولیاتی نظام میں تبدیل کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ جامعہ کامسیٹس اسلام آباد کے ایبٹ آباد کیمپس میں ماحولیاتی سائنس کے شعبے کے پروفیسر ڈاکٹر قیصر محمود نے کہا کہ پاکستان کے لیے چین سے حاصل ہونے والا سب سے اہم سبق تسلسل اور مستقل مزاجی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے پیمانے پر شجرکاری کے لیے واضح اہداف، طویل مدتی منصوبہ بندی، مضبوط ادارہ جاتی معاونت اور قابلِ اعتماد نگرانی کے نظام ضروری ہیں، نہ کہ محض مدت کی شجرکا

روزنامہ اکثریت پشاور

نوٹ: ادارے کا کالم نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں
E-mail:aksriyat@gmail.com
0300-5711561

چیف ایڈیٹر: ہدایت الرحمٰن ہوتی۔ پبلشر یوسف خان نے طارق پرنٹرز خیبر بازار پشاور سے چھپوا کر آفس نمبر FF-25 بلور پلازہ پشاور کینٹ سے شائع کیا۔
مردان بیورو آفس: سرا کبر خان پلازہ نزد السید ہسپتال مردان

پاکستانی صحافت کا فیلڈ مارشل

جناب الطاف حسن قریشی نوعشروں سے زائد اِس دنیا میں گذار کے راہیِ ملکِ عدم ہوئے ہیں تو دنیائے صحافت اداس اور سوگوار ہے۔ وہ ایک بڑے اخبار نویس، دانشور اور ایڈیٹر کے طور پر جانے ہی نہیں مانے جاتے تھے۔ انہیں بلاشبہ میدانِ صحافت کا فیلڈ مارشل کہا جاسکتا تھا کہ وہ آخر دم تک اپنے محاذ پر دادِ شجاعت وفراست دیتے رہے۔ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی پاسبانی کرتے رہے، اسے اسلامی اور جمہوری مملکت بنانے کی سعی کرتے رہے۔ اِسی سال فروری کے مہینے میں ان پر فالج کا حملہ ہوا تھا، کم وبیش تین ماہ وہ بستر پر رہے۔ کبھی صحت بحال ہوتی نظر آتی تو کبھی امید کا چراغ بجھتا دکھائی دیتا۔ ان کے معالج بھتیجے اتار چڑھا سے باخبر رکھتے۔ بیٹے اور پوتے بھی چارپائی سے جڑے تھے۔ دن رات ایک کرکے تیمارداری کا حق ادا کیا۔ یہاں تک کہ آخری لمحہ آپہنچا۔ انہوں نے مسنون دعائیں اور کلمہ پڑھتے ہوئے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کردی۔ رہے نام اللہ کا۔

1960 کے عشرے میں اپنے بڑے بھائی ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی کے ساتھ مل کر انہوں نے ماہنامہ اردو ڈائجسٹ کا آغاز کیا تھا، اشاعت ہزاروں میں پہنچی، لاکھ کا ہندسہ بھی عبور کرگئی۔ اپنے سنجیدہ اور دلچسپ مواد کی وجہ سے یہ ہر نسل کا محبوب مجلّہ بن گیا۔ کئی نسلوں کی تربیت اِس نے کی، لکھنے اور بولنے کا ڈھنگ سکھایا۔ اخلاقی قدروں کی پاسداری کا درس دیا۔ چند سال بعد ہفت روزہ زندگی کا آغاز کیا، تو ہفت روزہ صحافت کا منظر بدل دیا۔ مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم ہوئے۔ پھر روزنامہ جسارت کی بنیاد رکھی۔

بھٹو عہد میں ستم کے پہاڑ ٹوٹے۔ انہیں تین بار گرفتار کیا گیا، پہلی گرفتاری مارشل لا ضوابط کے تحت عمل میں آئی تو فوجی عدالت کو تسلیم کرنے اور اس کے سامنے مقدمہ پیش کرنے سے انکار کردیا۔ نتیجتاً ایک سال قید بامشقت اور کئی لاکھ روپے جرمانے کی سزا حاصل کرلی۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر رہائی نصیب ہوئی۔ اس کے بعد بھی دو بار گرفتار ہوئے لیکن پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی۔ بھٹو صاحب سے تمام تر اختلاف کے باوجود 1973 کے آئین پر اتفاقِ رائے کے لیے سرگرم رہے۔ مولانا ظفر احمد انصاری مرحوم اور روزنامہ وفاق کے معاملہ فہم ایڈیٹر مصطفیٰ صادق مرحوم کے ساتھ مل کر کامیاب کوشش کی، اور متفقہ آئین کا تحفہ قوم کو مل گیا۔ روزنامہ جنگ میں کالم نگاری بھی شروع کی، لیکن ان کا بنیادی حوالہ اردو ڈائجسٹ ہی رہا۔ وہ بڑے بڑے روزناموں پر بھاری تھا۔ لاکھوں قارئین ان کے ماہانہ تجزیے کا انتظار کرتے اور اس سے رہنمائی حاصل کرتے۔ الطاف صاحب ایک رجحان ساز اور عہد ساز اخبار نویس تھے۔ اردو ڈائجسٹ میں انہوں نے انٹرویوز کا جو سلسلہ شروع کیا، اس نے ان کو ممتاز تر بنا دیا۔ وہ پاکستان کے واحد اخبار نویس تھے جنہوں نے شاہ فیصل سے انٹرویو کیا۔ عالمی واقعات کی رپورٹیں مرتب کرنے کے لئے طویل سفر کئے اور وطنِ عزیز میں بھی وقائع نگاری کی عمدہ مثالیں قائم کیں۔

الطاف حسن قریشی نے صحافت کو کاروبار بنایا، نہ تفریح کا سامان، ان کے نزدیک یہ ذہن سازی اور حقائق تک رسائی کا ذریعہ رہی۔ وہ صحافت برائے صحافت کے قائل نہیں تھے، ان کی صحافت سچ کے ساتھ جڑی ہوئی تھی۔ ان پر عتاب بھی نازل ہوئے اور اہل اقتدار کے ساتھ ان کے قریبی مراسم بھی رہے، لیکن وہ گھبرانے والے تھے نہ اِترانے والے۔ انہوں نے توازن اور متانت سے ناتہ جوڑے رکھا۔ حکومتِ پاکستان نے ان کی خدمات کے صلے میں ہلالِ امتیاز پیش کیا اور ستارہء امتیاز بھی۔ لیکن ان کی شانِ بے نیازی کو کوئی آلودہ نہ کرسکا۔ ایک عام سے محنت کش گھرانے میں پیدا ہوکر بھی وہ اپنی محنت، ہمت اور ذہانت کے بل پر آگے بڑھتے چلے گئے۔ ان کا حافظہ بلا کا تھا، تاریخ کی ساری کروٹیں اس میں محفوظ تھیں، وہ ان پر نظر رکھتے ہوئے تاریخ بناتے رہے۔ وہ تاریخ دان نہیں تاریخ ساز بھی تھے، انہوں نے پاکستان کی صحافتی تاریخ پر گہرے نقوش ثبت کئے، ان کے بغیر ہماری قومی صحافت کا تذکرہ مکمل نہیں ہوسکے گا۔ آنے والی نسلیں بھی انہیں پڑھتی اور سلام کرتی رہیں گی۔

علم لدنی: مادی تعقل سے ماورا ایک ربانی فیضان

قرآنِ کریم کی سورہ الکہف میں جب اللہ رب العزت نے حضرت خضر علیہ السلام کا تذکرہ فرمایا، تو ان کی بنیادی صفت اور کمال کو ان الفاظ میں سمو دیا: "وعلمناہ من لدنا علما" (اور ہم نے اسے اپنے پاس سے ایک خاص علم سکھایا)۔ یہ وہ نصِ قطعی ہے جہاں سے "علمِ لدنی" کی اصطلاح جنم لیتی ہے۔ یہ وہ علم ہے جو مدرسوں کی چاردیواری، کتابوں کے اوراق، یا مادی اسباب کا محتاج نہیں ہوتا، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے برگزیدہ بندوں کے قلوب پر براہِ راست الہام، کشف اور معارف کی صورت میں نازل ہوتا ہے۔ یہ روحوں کو بیدار کرنے اور کائنات کی اصلِ حقیقت (رب کی معرفت) کو پانے کا علم ہے۔

آیئے اس علمِ حقیقت کا جائزہ قرآن، حدیث، اسلامی فکر، مغربی فلسفے اور دیگر مذاہب کے تقابلی تناظر میں لیتے ہیں۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں

قرآنِ پاک نے علمِ لدنی کو "علمِ حقیقت" کے طور پر پیش کیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جو جلیل القدر اور ظاہری وشریعت کے علم کے سمندر تھے، انہیں بھی کائنات کے چند پوشیدہ اسرار سمجھنے کے لیے حضرت خضر علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مادی اسباب اور ظاہری حواس سے حاصل ہونے والا علم اپنی جگہ مسلم، مگر کائنات میں ایک ایسا علم بھی کارفرما ہے جو مادی عقل کی پہنچ سے دور ہے۔

حدیثِ نبوی ﷺ سے بھی اس کی بھرپور تائید ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

"من عمل بما علم ورثہ اللہ علم مالم یعلم"

سلیم شاہ ہوتی

(ترجمہ: جو شخص اپنے حاصل کردہ علم پر عمل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے اس علم کا وارث بنا دیتا ہے جسے وہ نہیں جانتا تھا)۔

یہ وہ لدنی اور وہبی علم ہے جو تقویٰ اور عملِ صالح کے نتیجے میں دل کے آئینے پر منعکس ہوتا ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور ﷺ کا یہ فرمانا کہ "میری امت میں اگر کوئی 'محدث' (جس کے دل میں اللہ بات ڈالتا ہے) ہوتا تو وہ عمر ہوتے"، اسی علمِ لدنی کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔

اسلامی اسکالرز اور معاصر مثالیں

علمِ لدنی کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ انسان ظاہری علوم اور محنت کو چھوڑ دے۔ بلکہ تاریخ گواہ ہے کہ یہ علم ہمیشہ انھی کو ملا جنہوں نے ظاہری علم کی انتہا کردی، اور پھر اللہ نے ان کے فہم کے بند دروازے کھول دیے۔

ہم اگر اپنے دورِ نزدیک پر نظر دوڑائیں تو حضرت مولانا انور شاہ کشمیری کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ انہوں نے اسی روایتی 'درسِ نظامی' سے فارغ التحصیل ہونے کا شرف حاصل کیا جس سے ہر سال ہزاروں فضلا فارغ ہوتے ہیں۔ لیکن جو وسعتِ نظر، حافظہ، اور فہمِ دین اللہ نے شاہ صاحب کو عطا کیا، وہ معاصرین میں کسی کو نصیب نہ ہوا۔ وہ جب بولتے یا لکھتے تھے تو محسوس ہوتا تھا کہ علوم کا ایک لدنی چشمہ ہے جو ابل رہا ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جب کوئی بندہ خود کو علم اور تقویٰ کے لیے وقف کردیتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اپنی خصوصی مہربانی سے اسے ایسا "فہم" عطا کرتا ہے جو کتابوں سے نہیں ملتا۔

مغربی مفکرین کا نقطہ نظر (Intuitionism)

مغربی فلسفے میں اگرچہ مادی اور حسی علوم (Empiricism) کو فوقیت دی جاتی ہے، لیکن وہاں بھی بڑے بڑے مفکرین اس بات کا اعتراف کرنے پر مجبور ہوئے کہ سچی معرفت صرف حواسِ خمسہ سے حاصل نہیں ہوسکتی۔

ہنری برگساں (Henri Bergson): فرانسیسی فلسفی برگساں نے عقل (Intellect) کے مقابلے میں وجدان (Intuitive Knowledge) کو اعلیٰ ترین علم قرار دیا۔ اس کے نزدیک عقل صرف مادی اشیا کو ٹکڑوں میں دیکھتی ہے، جبکہ وجدان (جو کہ علمِ لدنی کی ایک مادی تعبیر ہے) حقیقت کا براہِ راست اور مکمل ادراک کرتا ہے۔

امانوئل کانٹ (Immanuel Kant): کانٹ نے اعتراف کیا کہ انسانی عقل کی ایک حد (Limit) ہے، جس کے پار وہ نہیں دیکھ سکتی۔ اس حد کے پار کی حقیقت کو جاننے کے لیے عقلِ محض ناکام ہوجاتی ہے۔

کارل جنگ (Carl Jung): مشہور ماہرِ نفسیات نے انسانی لاشعور اور الہامی خوابوں کے ذریعے سچی رہنمائی کا اعتراف کیا، جسے وہ مادی دنیا سے ماورا ایک قوت مانتا تھا۔

دیگر مذاہب کا تقابلی جائزہ

دلچسپ بات یہ ہے کہ علمِ حقیقت یا الہامی علم کا یہ تصور صرف اسلام تک ہی محدود نہیں، بلکہ دنیا کے دیگر بڑے مذاہب اور قدیم تہذیبوں میں بھی، تحریفات کے باوجود، اس لدنی اور وہبی علم کا عکس واضح طور پر نظر آتا ہے۔ اگر ہم تقابلی مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ مادی اسباب سے ہٹ کر دل کے روشن ہونے کو ہر دور میں تسلیم کیا گیا ہے۔

مثال کے طور پر ہندومت میں اس تصور کو 'جنان' (Jnana) یا 'پرادیا' کہا جاتا ہے۔ ان کے ہاں یہ وہ علم ہے جو انسان کو دنیاوی کتابوں اور ویدوں کے ظاہری الفاظ کو رٹنے سے نہیں ملتا، بلکہ جب انسان کی روح بیدار ہوتی ہے تو اسے براہِ راست کائنات کی اصل حقیقت اور خدا کی ذات (برہمن) کا فہم حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح بدھ مت کی بنیاد ہی ایک ایسے ہی لدنی تجربے پر ہے۔ گوتم بدھ کسی مدرسے یا استاد کے پاس نہیں گئے تھے، بلکہ انہیں جو علم حاصل ہوا وہ گیا (Gaya) کے تاریخی درخت کے نیچے طویل "دھیان" (Meditation) اور مراقبے کے بعد اچانک ملا۔ بدھ مت کی اصطلاح میں اسے 'ستوا' یا 'نروان کا فہم' (Enlightenment) کہا جاتا ہے، جو عقل کے مادی دائروں سے بالکل ماورا ہے۔

جب ہم مسیحیت اور یہودیت کے صوفیانہ مزاج (Mysticism) کا مطالعہ کرتے ہیں، تو وہاں ہمیں 'نوسس' (Gnosis) یعنی عرفان کا تصور ملتا ہے۔ عیسائی تصوف میں مانا جاتا ہے کہ جب بندہ دنیا سے کٹ کر خدا کی محبت میں گم ہوتا ہے، تو 'مقدس روح' (Holy Spirit) اس کے دل میں براہِ راست کلام کرتی ہے اور اسے ایسی دانائی اور فہم عطا کرتی ہے جو عام انسانوں کی سمجھ سے بالاتر ہوتی ہے۔

یہ تمام شواہد اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ مادی عقل کی ایک حد ہے، اور اس حد کے بعد روح کا وہ سفر شروع ہوتا ہے جہاں علم سکھایا نہیں جاتا، بلکہ اللہ کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے۔

حاصلِ کلام

اگر اس پوری حقیقت کا خلاصہ کیا جائے، تو علمِ لدنی دراصل اللہ کی وہ خاص نعمت ہے جو مادی دنیا کی عینک اتارنے کے بعد ہی نظر آتی ہے۔ یہ علمِ لدنی ہی تھا جس نے امام غزالی کو مدرسہ نظامیہ کی صدارت چھڑوا کر جنگلوں میں خاک چھاننے پر مجبور کیا اور پھر انہیں 'حجۃ الاسلام' کے مرتبے پر فائز کیا۔

آج کا انسان اسباب کی دنیا اور ٹیکنالوجی کی دوڑ میں اتنا کھو گیا ہے کہ وہ صرف اسی علم کو علم سمجھتا ہے جو لیبارٹری، کتابوں یا انٹرنیٹ سے ملے۔ حالانکہ دل کی دنیا کو بیدار کیے بغیر کائنات کی اصل حقیقت اور رب کی معرفت تک پہنچنا ناممکن ہے۔ بقولِ علامہ اقبال:

علاجِ آتشِ رومی کے پاس ہے ساقی
تیری عقل پہ غالب ہے فرنگی تہذیب

علمِ لدنی کی طلب اور اس کا فیضان آج بھی زندہ ہے، بشرطیکہ انسان اپنے اندر وہ تقویٰ، اخلاص، پاکیزگی اور تڑپ پیدا کرے جس پر ربِ کریم کے خصوصی فضل اور لدنی فہم کے دروازے کھلتے ہیں۔

☆☆

" خوگ دادا " اپنے عہد کا شیر دل خان۔ تاثراتی خاکہ

"خوگ دادا" واقعی ایک نہایت شیریں، باوقار اور نفیس شخصیت کے مالک ہیں۔ نہ بہت زیادہ بلند قامت ہیں اور نہ ہی پست قد، بلکہ درمیانے قد کے حامل ہیں۔ سفید چہرہ، سفید داڑھی، اور سر کے بالوں میں سیاہی اور سفیدی کی ملی جلی جھلک ان کے وجیہہ سراپے کو مزید دل آویز بناتی ہے۔ ان کی پیشانی ان کے سینے کی طرح کشادہ ہے۔ ناک کا اگلا حصہ ہلکا سا ابھرا ہوا ضرور ہے، مگر اتنا بھی نہیں کہ اسے نمایاں چپٹی ناک کہا جاسکے۔ آنکھوں پر عینک بجی رہتی ہے، لیکن دل کی آنکھیں ایسی روشن ہیں کہ انہیں صاحبِ بصیرت کہنا بجا معلوم ہوتا ہے۔

ویسے تو خوگ دادا اکثر ننگے سر دکھائی دیتے ہیں، مگر جب دیر وڑئی ٹوپی یا چترالی پکول سر پر سجا لیتے ہیں تو ان کی شخصیت کا جمال اور جلال دوبالا ہوجاتا ہے۔ ہر رنگ کا لباس ان پر جچتا ہے، لیکن سفید رنگ ان کی پہلی پسند ہے۔ سفید امن کی علامت ہے، اور خوگ دادا بھی امن پسند انسان ہیں، بلکہ اس قدر کہ جب سوشل میڈیا پر مکالمے کے لیے سامنے آتے ہیں تو سلام کے بعد اکثر یہ کہتے ہیں: آپ مجھے اچھا کہیں یا برا، میری رائے یہ ہے

ان کے اس انداز سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ وہ شعوری طور پر پشتون نوجوانوں کو مکالمے کی تہذیب سکھانا چاہتے ہیں۔ ورنہ وہ اتنے کمزور ہرگز نہیں کہ کسی کی سخت بات کا منہ توڑ جواب نہ دے سکیں۔ خوگ دادا محبت کرنے والی شخصیت ہیں۔ ہر بات ہنستے مسکراتے کرتے ہیں، البتہ کسی کی تلخ گفتگو ان کے چہرے پر سرخی ضرور لے آتی ہے۔ سانس اندر کھینچتے ہیں اور لوگ منتظر رہتے ہیں کہ اب شاید سخت جواب آئے گا، مگر وہ مسکراتے ہوئے ایسی منطقی بات کہتے ہیں جس میں طنز ومزاح کا ایسا لطیف رنگ ہوتا ہے جیسے کسی تلخ دوا کو میٹھے کیپسول میں چھپا دیا گیا ہو تاکہ مریض کا مزاج سنبھل جائے۔

خوگ دادا اگرچہ رسمی تعلیم میں کسی سے پیچھے نہیں، ساتھ حجرے اور مسجد کی تربیت نے انہیں زندگی کا وسیع شعور عطا کیا۔ پچیس برس تک انہوں نے قوم کے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا، اسی لیے ان کی گفتگو میں منطق بھی ہے اور شگفتگی بھی۔

ایک دن میں ان کا مہمان تھا۔ عصر کے وقت پوچھنے لگے: کہاں چلنا ہے؟ میں نے کہا: بخت روان عمر خیل کے پاس۔ ساتھ ہی پوچھ لیا: آپ کی ان سے قربت ہے؟ کہنے لگے: وہ میرا بھائی ہے۔

جب ہم بخت روان عمر خیل کی ڈیرے کے قریب پہنچے تو میں نے دوبارہ پوچھا: خوگ دادا، مورجان ریسٹورنٹ جائیں گے یا ڈیرے پر؟ وہ بولے: ڈیرے پر۔ ریسٹورنٹ کے بارے میں تو میں نے

اقبال حسین افکار

اقبال شاکر سے پہلے ہی کہہ رکھا ہے کہ پہلے وہیں دعوت دو، پھر میں آں گا۔

خوگ دادا کے اپنے ڈیرے دو دروازے ہیں۔ دونوں کے درمیان ان کی چارپائی بچھی ہوتی ہے اور دونوں طرف مہمانوں طرف راہ چلتے لوگوں دیکھتا ہے۔ خدا کی قسم، جو ایک بار ان کی نگاہ میں آجائے، وہ اس کی خدمت میں لگ جاتے ہیں، خاص طور پر کھانے کے وقت۔ لوگوں کے بغیر خود ان کے گلے سے شاید ہی کوئی نوالہ اترتا ہو۔ حجرے کے کارکن بھی ان کے ساتھ بیٹھے ہوتے ہیں۔ اچھی چیز دوسروں کے سامنے رکھتے ہیں اور کھانے کے بعد آرام کے لیے خاموشی سے اپنے کمرے کی طرف چلے جاتے ہیں۔

وہ غریب پرور، انسان دوست، نفیس اور شفاف کردار کے انسان ہیں۔ پشتون روایات کے امین ہیں، اسی لیے مادیت کے اس دور میں بھی ان کا حجرہ گرم وآباد ہے۔ انسان کی اصل پہچان سفر اور مہمان نوازی میں ہوتی ہے، اور میں نے خوگ دادا کو ان دونوں میدانوں میں کامل پایا ہے۔

ان کی شخصیت کی ایک خوبصورتی یہ بھی ہے کہ اپنے ملازمین سے برادرانہ سلوک کرتے ہیں۔ ان کے لباس، جوتوں اور گھریلو مسائل تک کا خیال رکھتے ہیں، بلکہ ان کی مشکلات کے حل میں بھرپور تعاون کرتے ہیں۔ کوئی نیا شخص فرق نہیں کرسکتا کہ کون بھائی ہے اور کون ملازم۔

ایک بار ہمارے ایک دوست کے گھر کوئی مہمان گیا۔ دروازہ کھٹکھٹایا تو اندر سے ماں نے پوچھا: کون ہے؟ اس نے اپنا نام بتایا اور پوچھا: فلاں موجود ہیں؟ اندر سے آواز آئی: اگر نام کے ساتھ خان بھی لگا دیتے تو کیا زبان ٹوٹ جاتی؟

مگر ہمارے خوگ دادا خان کے بجائے اپنے قبیلے کا نام اپنے نام کے ساتھ لگانا پسند کرتے ہیں۔ اگر چاہیں تو خان لکھ سکتے ہیں، کیونکہ ان کا خاندان پشتونوں کے معزز خانوادوں میں شمار ہوتا ہے۔ پشتون ہمیشہ اپنے معززین کو خان یا ملک کہہ کر پکارتے آئے ہیں۔ خوشحال خان خٹک نے بھی کہا تھا:

جو کمائے، کھلائے اور بانٹے، وہی خان ہیچ تلوار رکھتا ہے، وہی مردِ میدان ہے

خوگ دادا کا چوخیل قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں، جو یوسف زئی قبیلے کی ایک شاخ ہے۔ ان کے علاقے رایزئی کی سرزمین تاریخی اور ثقافتی لحاظ سے بڑی اہم رہی ہے۔ کبھی یہ علاقہ قدرتی حسن، دھان کے کھیتوں، دریائے سوات کے شفاف پانیوں اور سرسبز مناظر سے مالا مال تھا، مگر اب ان خوبصورت مناظر کی جگہ پلازوں، شادی ہالوں اور ہوٹلوں نے لے لی ہے۔ دریائے سوات کے کناروں پر بہنے والے شفاف پانی اب فیکٹریوں اور گٹروں کی آلودگی سے سیاہ ہوچکے ہیں۔ خود اس ماحولیاتی تبدیلی پر ہمیشہ افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔

مشہور ادیب ناصر شیخونری ان کے قریبی عزیز ہیں، جبکہ ان کے چھوٹے بھائی نجیب خان کے بقول خوگ دادا نوجوانی میں کھیلوں کے اچھے کھلاڑی، شکاری اور مضبوط جسمانی ساخت کے مالک رہے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کی شخصیت آج بھی متاثر کن محسوس ہوتی ہے۔

خوگ دادا پشتو اور اردو کے ممتاز شاعر، افسانہ نگار اور مزاح نگار ہیں۔ اب تک ان کی ستارہ کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔ پشتو میں شاعری اور افسانوں کے دس مجموعے، جبکہ اردو میں چار افسانوی اور ایک طنزیہ و مزاحیہ کتاب منظرِ عام پر آچکی ہے۔ مزید تصانیف بھی زیرِ تکمیل ہیں۔

معروف شاعر، ادیب اور صحافی کہتے ہیں: ہم پشتون بڑے ظالم ہیں، گروہ بندیوں میں اپنے اہلِ قلم کو کھو دیتے ہیں۔ محمد جمیل خان کا چوخیل بہت عمدہ شاعر اور دلکش افسانہ نگار ہیں، مگر ہم نے انہیں وہ مقام نہیں دیا جس کے وہ مستحق تھے۔

اپنے علاقے میں خوگ دادا کے نام سے معروف محمد جمیل کا چوخیل اردو اور پشتو ادب میں معتبر نام رکھتے ہیں۔ ان کی اردو افسانہ نگاری پر اب تک پانچ ایم فل اور ایک پی ایچ ڈی تحقیق مکمل ہوچکی ہے، جبکہ متعدد بی ایس سطح کی تحقیقات جاری ہیں۔ مختلف ادبی تنظیمیں انہیں اعزازات اور ایوارڈز سے نواز چکی ہیں۔ گزشتہ برس اباسین آرٹس کونسل نے ان کی پشتو اور اردو افسانہ نگاری پر دو ایوارڈ دیے، جبکہ جہانزیب کالج میں پروفیسر ڈاکٹر عطاالرحمٰن عطا کی نگرانی میں ان پر تحقیقی کام ہوا۔

گزشتہ سال پشاور میں منعقدہ ایک ادبی تقریب میں، جہاں ملاکنڈ اور رایزئی کے تین ادبی شخصیات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا، وہاں خوگ دادا محمد جمیل کا چوخیل کو ان کی تخلیقی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ اور دستار سے نوازا گیا۔

ان کی شاعری کے موضوعات محبت، اخلاقیات، قومیت، تصوف اور فلسفہ حیات ہیں، جبکہ ان کے افسانے محض تصوراتی نہیں بلکہ زندگی کے جیتے جاگتے حقائق کی فنی تعبیر ہیں۔

خوگ دادا کی دو بیٹیاں اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں؛ ایک نے سائیکالوجی اور دوسری نے انٹرنیشنل ڈیزائننگ میں تعلیم حاصل کی ہے۔ مگر جب کوئی ان سے بیٹیوں کے بارے میں پوچھتا ہے تو وہ کہتے ہیں: میری تین بیٹیاں ہیں کیونکہ وہ اپنی انگور "بہو" کو بھی بیٹی کہتے ہیں۔ اگر ہمارے معاشرے کے لوگ بھی خوگ دادا کی طرح انگور "بہو" کو بیٹی کہنے لگیں تو شاید ہماری بہت سی سماجی برائیاں ختم ہوجائیں۔

ان کے دو بیٹے ہیں: ڈاکٹر محمد جلیل خان، جو نیورو اسپیشلسٹ ہیں، اور محمد عقیل خان، جنہوں نے بارانی یونیورسٹی اسلام آباد سے زراعت میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔

خوگ دادا کی بذلہ سنجی اپنی مثال آپ ہے۔ ایک بار میں نے فون پر کہا: خوگ دادا، مبارک ہو، سنا ہے شادی ہے! کہنے لگے: تمہارے جیسا نصیب کہاں!

اگلے دن میں نے دوبارہ فون کیا اور کہا: ایک نئی چیز شروع کی ہے، خدا جانے کیسی چلے، مگر آغاز آپ سے کیا ہے۔ فوراً بولے: خدا کے لیے مجھ پر آغاز نہ کرو، میں تمہارے زور کا نہیں!

ان کے ایسے بے شمار برجستہ، طنزیہ اور مزاحیہ جملے ایک مستقل کتاب کی صورت اختیار کرسکتے ہیں، بشرطیکہ کوئی ان کے ساتھ سفر کرے اور نشست و برخاست اختیار کرے۔

جب میں ان کا نثر ونظم پڑھتا ہوں یا ان کی حاضر جوابی دیکھتا ہوں تو سوچ میں پڑ جاتا ہوں کہ ان کے بزرگ کس قدر ذہین، باوقار اور صاحبِ دانش لوگ ہوں گے۔

ان کے عزیز انجینئر سیار خان اور ریٹائرڈ کرنل ابرار حسین سے میرا تعلق 1980 سے ہے۔ دونوں بھائی ادب، ثقافت اور قوم سے محبت کرنے والے لوگ ہیں۔ ایک پی ٹی سی ایل میں ڈائریکٹر رہے اور دوسرے فوج میں کرنل، مگر دونوں ہمیشہ اسلام آباد کی پشتو ادبی تقریبات میں شریک ہوتے رہے۔

آج 13 مئی 2026 کو جب خوگ دادا کے حوالے سے گفتگو ہو رہی تھی تو دہلی کے مولوی عبدالحق علوی کی 1866 میں لکھی گئی کتاب "درِ مقال" کا ذکر آیا۔ اس کتاب میں مولوی صاحب نے خوگ دادا کے جدِ امجد شیر دل خان کے بارے میں لکھا:

ایک ولی، غالباً شیر دل خان، کا ذکر شروع ہوتا ہے جو خوش آواز نغمہ گر کی مانند تھے۔ ان کی گفتگو ایسی شیریں تھی جیسے طوطی شکر گھول رہا ہو پشتو اشعار ان کی زبان سے شہد وشکر کی طرح نکلتے تھے وہ اپنے حجرے میں روزانہ محفلیں سجاتے اور ایسے سوز بھرے اشعار پڑھتے کہ روح کی گہرائیوں میں اتر جاتے

اس اقتباس کو پڑھنے کے بعد اب فیصلہ آپ خود کیجیے کہ خود احمد جمیل خان کا چوخیل اپنی شخصیت، کردار اور تخلیقی صلاحیتوں میں اپنے عظیم بزرگ شیر دل خان ہی کے سچے وارث نہیں تو اور کیا ہیں؟

☆☆☆

اسلام آباد میں شانگلہ کمیونٹی کی اجتماعی فلاح کا نیا آغاز

10 مئی کو اسلام آباد میں شانگلہ کمیونٹی کے زیرِ اہتمام ایک اہم اور پروقار اجتماع منعقد ہوا جس میں وفاقی دارالحکومت میں مقیم شانگلہ سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے ایک فلاحی، سماجی اور رہنمائی پر مبنی فورم کے قیام کا اعلان کیا گیا۔ اجتماع میں مختلف شعبہ ہائے زندگی، محکموں اور پیشوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے کمیونٹی کی فلاح، اتحاد اور اجتماعی بہتری کی جانب ایک مثبت اور تاریخی قدم قرار دیا۔ اجتماع کے دوران متفقہ طور پر فورم کی

کابینہ تشکیل دی گئی جس کے مطابق ڈاکٹر طارق رف کو صدر اور ایڈووکیٹ بخت بیدار کو سیکرٹری جنرل مقرر کیا گیا۔ دیگر عہدیداران میں لطیف اللہ یوسفزئی بطور سرپرستِ اعلیٰ، عرفان خان بطور سینئر نائب صدر، زیگر خان بطور نائب صدر، سیف الاسلام اور حاجی رشید بطور جوائنٹ سیکرٹری، وحید مراد بطور فنانس سیکرٹری، تحسین اللہ تاثیر بطور پریس سیکرٹری، عنایت خان بطور منیجمنٹ سیکرٹری، محبّ عمر بطور لیگل ایڈوائزر، اسد اللہ بطور سٹوڈنٹ افیئرز سیکرٹری، امجد رحمان بطور کلچر اینڈ اسپورٹس سیکرٹری، عرفان بابو بطور یوتھ افیئرز سیکرٹری اور انجینئر فیض علی بطور لیبر افیئرز سیکرٹری شامل ہیں۔ شرکا نے کہا کہ یہ فورم کمیونٹی کے مسائل کے حل، باہمی تعاون اور رہنمائی کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ اس کے ذریعے شانگلہ سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص محنت کش طبقے کے مسائل کو اجاگر کیا جائے گا اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کی جائے گی۔ اسی طرح طلبہ کے تعلیمی مسائل، داخلوں، اسکالرشپس اور رہنمائی کے معاملات میں بھی عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ مقررین کے مطابق یہ فورم انسانی حقوق کے تحفظ، مساوات اور انصاف کے اصولوں کے مطابق تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کے لیے بھی کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پلیٹ فارم کسی مخصوص طبقے یا علاقے تک محدود نہیں بلکہ قومی سطح پر اجتماعی بہتری اور انصاف کے فروغ کے لیے کام کرے گا۔ مزید برآں، شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ بڑے شہروں میں رہنے والے افراد کو مختلف سماجی مسائل کا سامنا ہوتا ہے، اس لیے ایسے منظم فورمز کمیونٹی کی رہنمائی، نمائندگی اور مدد کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ منظم اور متحد کمیونٹیز ہی ترقی کرتی ہیں اور اپنے لوگوں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرتی ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر شرکا نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ فورم آئندہ بھی اتحاد، فلاح، رہنمائی، نوجوانوں کی بہتری، مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور اجتماعی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔

تسلیم ورضا کا عشرہ

پاکستان میں رویت ہلال کمیٹی کی جانب سے ذی الحجہ کا چاند نظر آنے کے اعلان کے ساتھ ہی فضاؤں میں ایک خاص تقدس، مسرت اور ایمانی تازگی کی لہر دوڑ گئی ہے، یہ اعلان دراصل ان عظیم اور بابرکت ایام کی آمد کی نوید ہے جن کی عظمت کی گواہی خود خالقِ کائنات نے قرآن کریم میں دی ہے۔ باری تعالیٰ نے سورہ فجر میں دس راتوں کی قسم کھائی ہے، جس کے بارے میں مفسرین کی اکثریت کی رائے ہے کہ اس سے مراد ذی الحجہ کا پہلا عشرہ ہے، اور کسی چیز کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے اس کی قسم کھانا اس کے بے پناہ تقدس کی دلیل ہے۔ احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں یہ واضح ہوتا ہے کہ سال بھر کے تمام دنوں میں یہ دس دن اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں اور ان میں کیا جانے والا کوئی بھی نیک عمل دوسرے ایام کے مقابلے میں کہیں زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ یہ وہ منفرد ایام ہیں جن میں اسلام کے تمام بنیادی

عمر خطاب

ارکان یعنی نماز، روزہ، صدقہ، حج اور قربانی ایک ساتھ جمع ہوجاتے ہیں، جو سال کے کسی اور حصے میں ممکن نہیں۔

ان ایام کی اصل حکمت اور سبق اس عظیم تسلیم ورضا میں چھپا ہے جو حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی لازوال قربانی سے وابستہ ہے، یہ عشرہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ بندگی کا اصل جوہر اللہ کے حکم کے سامنے اپنی مرضی اور خواہش کو قربان کردینا ہے۔ قربانی محض ایک جانور ذبح کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ تقویٰ کے حصول اور خالق کی محبت میں اپنی عزیز ترین چیز نچھاور کرنے کا ایک عملی سبق ہے، جیسا کہ قرآن کہتا ہے کہ

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے فضل امین کو بوجہ نافرمانی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اسکے ساتھ لین دین کرنے والا از خود ذمہ دار ہوگا
ذاہد خان ولد امید یسا کن بلند خیل ہوتی مردان

تلاش گمشدہ

مجھ سے میرا پاسپورٹ نمبر YX 4131961 اور YX 4131962 کہاں گم ہو چکا ہے اگر کسی کو ملے تو مجھ سے رابطہ کریں
حنیف خان ولد فضل خالق سکنہ مردان
نمبر03149913134

بقیہ نمبر 1 روزنامہ اکثریت

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاق اور پنجاب حکومتوں کی پالیسیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ آئین کے آرٹیکل 151 کے تحت کوئی بھی صوبہ خوراک اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل پر پابندی نہیں لگا سکتا، تاہم بدقسمتی سے پنجاب حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹے اور گندم کی ترسیل پر پابندی کے معاملے پر خیبر پختونخوا حکومت متعدد بار پنجاب حکومت کو خطوط لکھ چکی ہے اور وفاقی حکومت کو بھی اس صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے، لیکن اس کے باوجود پنجاب حکومت کو اس اقدام سے نہیں روکا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام بجلی، گیس اور دیگر قدرتی وسائل فراہم کرنے کے باوجود مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں، جو سراسر زیادتی اور امتیازی سلوک ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ صوبے کے عوام کے ساتھ مسلسل سوتیلی ماں جیسا رویہ اختیار کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 2 روزنامہ اکثریت

شریف کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں نیوکلیئر انرجی پلانٹ پر ڈرون حملے کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم متحدہ عرب امارات کی قیادت اور برادر عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، فریقین زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ اور بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ مذاکرات اور سفارتکاری ہی دیرپا علاقائی امن، استحکام اور کشیدگی میں کمی کے لیے واحد قابل عمل راستہ ہے۔ دوسری جانب ترجمان وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ نیوکلیئر توانائی پلانٹ کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، توانائی پلانٹ کو نشانہ بنانا جوہری تحفظ کے اصولوں کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق شہری جوہری تنصیبات کو کسی بھی حالت میں نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے، ایسے حملے انسانی جانوں، ماحول اور عالمی امن کیلئے تباہ کن نتائج کا سبب بن سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 3 روزنامہ اکثریت

تعریف کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے، پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 4 روزنامہ اکثریت

وقت میں ایران گئے ہیں، جب امریکا کی طرف سے ایران پر دوبارہ حملوں کی بات کی گئی ہے مگر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق پاکستان کی درخواست پر ایسا نہیں کیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز محسن نقوی اور صدر مسعود پزشکیاں کی ملاقات 90 منٹ تک جاری رہی جس کے بعد وزیر داخلہ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف سے بھی ملے تھے۔

بقیہ نمبر 5 روزنامہ اکثریت

کر دیا۔ جی ٹی وی سے گفتگو میں سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ حکومت سندھ کا پنگی سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، انہوں عرف پنگی جن لوگوں کے ساتھ تعلقات کا دعویٰ کر رہی ہے، وہ خود سامنے آ کر وضاحت دیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے پنگی کو مبینہ پروڈکوں ملنے کے معاملے پر فوری ایکشن لیا اور ملوث پولیس اہلکاروں کیخلاف کارروائی بھی کی گئی، معاملے کی تحقیقات جاری ہیں اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6 روزنامہ اکثریت

بام کول چینی کی مائن نمبر 5 میں پیش آیا جہاں کان گرنے کے نتیجے میں محمد زادہ جاں بحق جبکہ خادم شاہ زخمی ہوگیا۔ زخمی کان کن کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسرا واقعہ قبائلی ضلع اورکزئی کی وسطی تحصیل کے علاقے چھپر مشتی میں پیش آیا جہاں کوئلہ کان میں کام کے دوران حیدر ولد اکبر خان، سکنہ بورشٹ کوز کانا ضلع شانگلہ جان کی بازی ہار گیا۔ حادثات کے بعد ریسکیو ٹیموں اور مقامی افراد نے امدادی کارروائیاں مکمل کرتے ہوئے لاشوں اور زخمی کو قریبی ہسپتالوں منتقل کر دیا جہاں سے لاشوں کو آبائی علاقوں کے لئے روانہ کر دیا گیا۔ محکمہ معدنیات حکام نے واقعات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 7 روزنامہ اکثریت

اور مسلم ملک کے درمیان جنگ دنیا میں کوئی نہ رکوا سکا، جنگ رکوانے کی عزت اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو دی، پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کو رکوایا، جنگ سے پورا خطہ متاثر ہوتا، دنیا بھی اس کے اثرات سے محفوظ نہ رہتی۔ لگی رہنماء نے کہا کہ پاکستان نے جنگ رکوا کر امن کی پاسبانی کی، پاکستان نے جنگ رکوا کر پوری دنیا کو امن دیا، پاکستان نے خطے کو بھی امن دیا اور دنیا کو بھی امن دینے جا رہا ہے، مسلم امہ میں اتحاد کے فروغ میں پاکستان کا کلیدی کردار ہے۔ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ کہا جا رہا تھا سعودی عرب ایران پر حملہ آور ہو جائے گا، مسلم امہ کو تباہ کرنے کیلئے یہود و نصاریٰ تیار ہیں، دین اور اسلام سے محبت کا عمل بھی پاکستان کو نصیب ہوا، دشمن مسلم امہ کو لڑانا چاہتا تھا لیکن پاکستان نے اسے ناکام بنایا۔

بقیہ نمبر 8 روزنامہ اکثریت

مستقل طور پر بنیاری ونگ قائم کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں جمعیت علماء اسلام بنیاری ونگ سندھ کے زیر اہتمام ایک نجی ہوٹل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے جیو آئی سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو، بنیاری ویلنگ سندھ کے صدر روی کمار کھتری، سیکرٹری جنرل اکشے کمار بٹرا و دیگر نے خطاب کیا اس موقع پر جیو آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد اسلم غوری، انجینئر عبدالرزاق عابد لاکھو، قاری محمد عثمان، حاجی عبدلمالک ٹالپر، مولانا اسحاق لغاری، مولانا محمد غیاث، مولانا نور سومرو، مولانا سمیع الحق سواتی سمیت مختلف مذاہب اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد، سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ جے یو آئی کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اسلام انسانیت، رواداری، امن اور عالمگیریت کا درس دیتا ہے، ہمارے اکابر اور اسلاف نے ہمیشہ تنگ نظری کے بجائے پوری انسانیت کو ساتھ لے کر چلنے کی تعلیم دی اور جمعیت علماء اسلام آج بھی اسی فکر کی امین ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب اس بات کا واضح مظہر ہے کہ پاکستان میں مختلف مذاہب اور قومیتوں کے لوگ باہمی احترام اور اخوت کے ساتھ ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے اپنے والد مفتی محمودؒ کے دورِ حکومت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 1972 میں صوبہ سرحد میں جب تعلیمی اداروں کو قومی تحویل میں لیا جا رہا تھا تو مفتی محمودؒ نے واضح اعلان کیا تھا کہ اقلیتوں کے تعلیمی اداروں کو ان کی مرضی کے بغیر سرکاری تحویل میں نہیں لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے تعلیمی اداروں اور اسپتالوں کے بہتر معیار کو دیکھتے ہوئے مفتی محمودؒ نے اپنے حکام کو ہدایت کی تھی کہ سرکاری اداروں کا معیار بھی اسی سطح تک لے جایا جائے۔ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ انسانی حقوق دراصل امن کے تصور کے گرد گھومتے ہیں اور امن اس وقت قائم ہوتا ہے جب انسان کی جان، مال اور عزت محفوظ ہو، ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ہر شہری کو بلا تفریق مذہب و نسل تحفظ فراہم کرے اور اگر کسی کے ساتھ زیادتی ہو تو اسے فوری انصاف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بدامنی اور دہشت گردی کے باوجود جمعیت علماء اسلام اپنے اصولی موقف پر قائم ہے اور خونریزی کی سیاست کا حصہ بننے کے بجائے امن، انصاف اور انسانی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ قربانیاں دے کر بھی پاکستان کو امن، انصاف اور بھائی چارے کا گہوارہ بنائیں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جے یو آئی کا بنیاری ونگ ملک بھر میں فعال کردار ادا کر رہا ہے اور سندھ سمیت چاروں صوبوں میں مختلف برادریوں کو قریب لانے کیلئے کام جاری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام پاکستانی، خواہ ان کا تعلق کسی بھی مذہب یا مکتب فکر سے ہو، ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے متحد ہو کر آگے بڑھیں گے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، امن و استحکام اور بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 9 روزنامہ اکثریت

دی، جس سے لگ کر وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا، واقعہ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، دوسری جانب پولیس لائنز ڈیرہ میں شہید کانسٹیبل عبدالعزیز کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، جس میں ریجنل پولیس آفیسر غلام مبشر میکن، ڈی پی او ڈیرہ ضیا الدین احمد سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 10 روزنامہ اکثریت

30 فیصد کرنے اور تنخواہ دار طبقے پر عائد انکم ٹیکس کی شرح میں 5 فیصد کمی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ آئی پی پر عائد 0.25 فیصد برآمدی ٹیکس 2035 تک برقرار رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ طویل مدتی پالیسی سے آئی ٹی برآمدات 8.3 ارب ڈالر سے 10 ارب ڈالر تک جانے کی توقع ہے۔ برآمدات بڑھانے کیلئے گڈز انیکسپورٹرز کا فائل ٹیکس ریجیم بحال کرنے، ایس ایم ایز ٹرن اوور کی حد 25 کروڑ سے بڑھا کے 50 کروڑ کرنے کی تجویز دیدی گئی ہے۔ مینوفیکچررز کیلئے انکم ٹیکس کی شرح 29 فیصد سے کم کر کے 20 فیصد کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کا کہنا ہے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی انتھک محنت کی بدولت آج پاکستان معاشی استحکام کا سفر بخوبی طے کر رہا ہے، معرکہ حق اور سفارتی محاذ پر ملنے والی کامیابیوں کو پاکستان کیلئے بھرپور اقتصادی فوائد میں تبدیل کیا جانا چاہئے۔

بقیہ نمبر 11 روزنامہ اکثریت

پر توجہ ہے، مذاکرات کا عمل مکمل طور پر براہ راست نہیں بلکہ ثالثی چینل کے ذریعے آگے بڑھ رہا ہے، جس میں پاکستان کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ حالیہ پیش رفت کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان بنیادی اختلافات برقرار ہیں، تاہم رابطے کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا، ایران نے اپنی تجاویز پیش کر دی ہیں اور امریکا کی جانب سے بھی جواب موصول ہوا ہے، جن پر مزید غور جاری ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایرانی اور عمانی تکنیکی ٹیموں نے گزشتہ ہفتے عمان میں آبنائے ہرمز محفوظ جہاز رانی کے طریقہ کار پر مذاکرات کیے اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ آبنائے ہرمز کے طریقہ کار پر مسلسل رابطے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو خطے کے کسی بھی ملک، بشمول متحدہ عرب امارات سے کوئی دشمنی نہیں ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران پورنیم افزودگی کے اپنے حق پر نہ تو کسی قسم کی بات چیت کرے گا اور نہ ہی کوئی سمجھوتہ، یہ بات قطعی ہے کہ یہ کوئی ایسا موضوع نہیں جس پر ہم بات چیت یا سمجھوتہ کریں، معاہدہ عدم پھیلاؤ کے تحت ایران کے افزودگی کے حق کو تسلیم کیا جا چکا ہے۔ بقائی نے امریکہ اور ایران کے درمیان شرائط کے تبادلے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ایران کے مطالبات واضح ہیں، ایران کے منجمد اثاثوں پر سے پابندیاں ختم ہونے کو اپنی شرط کہتے ہیں جبکہ ہم اسے اپنا مطالبہ قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اب بین الاقوامی سطح پر قابل اعتبار نہیں رہا، اور خطے کے ممالک، بشمول متحدہ عرب امارات، کو حالیہ مہینوں کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہئے، امریکی موجودگی نے خطے کے امن کو بہتر بنانے کے بجائے اسے شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 12 روزنامہ اکثریت

کے حوالے سے جاری ملک گیر احتجاجی تحریک اور میڈیا ورکرز کے مطالبات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا اداروں میں کم تنخواہوں، بقایا جات کی ادائیگی اور ملازمتوں کے عدم تحفظ پر تفصیلی گفتگو کی گئی، صوبائی وزیر شفیع جان نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے تمام جائز مطالبات قابل غور ہیں اور صوبائی حکومت اس سلسلے میں سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے

بقیہ نمبر 13 روزنامہ اکثریت

کا معائنہ کیا اور علاج کیلئے آنے والے بزرگ، مرد اور خواتین عازمین سے طبی سہولیات کے معیار کے بارے میں دریافت کیا جس پر حجاج کرام نے مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ مرکزی کلینک کے دورے کے موقع پر کرنل ڈاکٹر توقیر، لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر حمزہ منصور اور لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر جواد اسلم پر مشتمل طبی حکام نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سعودی عرب میں قائم تمام پاکستانی ڈسپنسریاں اور مرکزی کلینک سعودی وزارت صحت کی ریگولیشنز اور بین الاقوامی طبی ضوابط کے عین مطابق کام کر رہے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ عازمین حج کی چوبیس گھنٹے خدمت کے لیے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور جدہ میں مجموعی طور پر 36 ڈسپنسریاں اور کلینکس قائم کیے جا چکے ہیں۔ اب تک مجموعی طور پر 61,413 آؤٹ ڈور مریضوں کو مفت طبی امداد اور ادویات فراہم کی جا چکی ہیں۔ اس کے علاوہ میڈیکل مشن اب تک 874 لیبارٹری ٹیسٹ، 1,009 ڈینٹل پروسیجرز، 347 ایکسرے، 171 الٹراساؤنڈ، 129 ای سی جی اور معمولی آپریشنز و ڈریسنگ کے 745 پروسیجرز کامیابی سے سرانجام دے چکا ہے۔ سنگین حالت کے حامل 30 مریضوں کو سعودی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا جن میں سے 27 مریض صحت یاب ہو کر ڈسچارج ہو چکے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے حج میڈیکل مشن کے انتظامات کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا کہ عازمین کے لیے ادویات، معائنے اور لیبارٹری سمیت ہر قسم کی جدید سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے موجود ہیں اور پاکستان سے لائی گئی کروڑوں روپے کی معیاری ادویات حجاج کو بالکل مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ میڈیکل مشن کے لیے حاصل کی گئی عمارت انتہائی شاندار ہے جہاں نہ صرف تمام طبی شعبوں کا بہترین اہتمام ہے بلکہ یہاں تعینات ڈاکٹروں کی رہائش کا بھی مناسب انتظام کیا گیا ہے، جبکہ عازمین کو لانے اور لے جانے کے لیے ایمبولینس سروس بھی چوبیس گھنٹے متحرک ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیماری کی حالت میں عازمین حج کو تکلیف کے باعث شکایات ہونا قدرتی امر ہے، لیکن جب ہمارے ڈاکٹرز اور طبی عملہ پوری توجہ اور اخلاق سے ان کا علاج کرتے ہیں تو حاجی مطمئن ہو جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 14 روزنامہ اکثریت

80 ہزار 226 انجوائریاں کی گئیں، اِس عرصے کے دوران 5 ہزار 755 مقدمات کا اندراج ہوا۔ اِسی طرح این سی سی آئی اے کی جانب سے چار برس میں 7600 افراد کو گرفتار کیا گیا، ایجنسی کی جانب سے درج مقدمات میں گزشتہ چار برس میں 199 افراد پر فرد جرم عائد کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق این سی سی آئی اے میں درج مقدمات میں چار برس میں 877 افراد بری قرار دیے گئے۔

بقیہ نمبر 15 روزنامہ اکثریت

سے متعلق تفصیلات فراہم کر دی جائیں گی۔ پیر کو وقفہ سوالات کے دوران ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ پاکستان سے بیرون ممالک میں غیر قانونی طور پر جانے والوں کی تعداد میں 47 فیصد کمی آئی ہے، وزیر اعظم اس وقت غیر قانونی ہجرت روکنے کے لئے مکمل طور پر فعال ہیں۔ اسلام آباد کے گرین ایریاز پر مختلف اداروں کے قبضہ کے حوالے سے شیر افضل مروت کے سوال کے جواب میں وزیر مملکت برائے داخلہ نے بتایا کہ سی ڈی اے نے 34 مقامات پر اجازت نامے دینے تھے، اس حکومت نے وہ تمام اجازت نامے منسوخ کیے، 1 ہزار 32 گھروں کو نوٹس دیئے گئے ہیں، 4 8 4 تجاوزات کو ہٹایا گیا ہے، 1 1 سو ایکڑ کی تجاوزات ختم کی گئی ہیں۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ دہشت گردی کی وجہ سے کتنے دفاتر بند کیے گئے فی الحال ڈیٹا نہیں ہے، بلوچستان میں نادرا کے دفاتر سے متعلق تفصیلات فراہم کر دی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 16 روزنامہ اکثریت

31 مئی تک ملک بھر میں دکانوں، کاروباری مراکز کو بندش کے مقررہ اوقات سے استثنیٰ حاصل ہو گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام بازار، ڈپارٹمنٹل اسٹورز اور شاپنگ مالز ہفتہ بھر معمول کے مطابق کھلے رہ سکیں گے۔ مزید برآں بیکریز، تندور، ریسٹورنٹس اور کریانہ اسٹورز بھی مقررہ اوقات سے مستثنیٰ ہوں گے۔

بقیہ نمبر 17 روزنامہ اکثریت

مطابق تھانہ کلاچی میں لیاقت علی ولد محمد بخش سکنہ محلہ خدر خیل کلاچی نے رپورٹ درج کرائی ہے کہ مجھے اطلاع دی گئی کہ میرا بھائی فطرت علی عرف فطری جو گھر سے محنت مزدوری کیلئے نکلا تھا اس پر لونی لنک روڈ کلاچی کے قریب فائرنگ ہوئی ہے، اس اطلاع پر موقع پر پہنچا تو بھائی کی خون میں لت پت لاش موجود تھی، ہماری کسی کے ساتھ کوئی دشمنی وغیرہ نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 18 روزنامہ اکثریت

شہباز شریف نے حکومت کے مضبوط اقتصادی اصلاحاتی ایجنڈے اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت تیز رفتار معاشی ترقی اور ڈیجیٹل تبدیلی کے وژن پر عمل پیرا ہے

بقیہ نمبر 23 روزنامہ اکثریت

پارٹنرشپ کے تحت وفاقی و صوبائی منصوبوں کی ممکنہ مالی ذمہ داریاں 472 ارب روپے تک پہنچ گئی ہیں۔ نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 10 فیصد سے کم فنڈز مختص کرنے کی تجویز ہے، یقین دہانی کروائی کہ پہلے سے جاری منصوبے کو ترجیح دی جائے گی۔ وزارت خزانہ حکام نے بتایا کہ نئے بجٹ میں گزشتہ مالی سال اصل ہدف ایک ہزار ارب سے کم فنڈز کی گنجائش ہے، صرف 986 ارب روپے مختص کے جاسکتے ہیں۔ آئی ایم ایف نے بجٹ رپورٹس میں کم یا زیادہ خرچ کی وجوہات شامل کرنے پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق حکومتی اداروں کے بینک اکاؤنٹس اور رقوم کو ایک نظام کے تحت لانے کا کہہ دیا ہے۔ دستاویز کے مطابق 150 ارب روپے سے زائد کا بیلنس مرکزی نظام کا حصہ بنے گا۔ یہ فنڈز مختلف سرکاری محکموں نے اپنے اکاؤنٹس میں جمع کروا رکھے ہیں۔ سرکاری خریداری کا عمل ای پیڈز کے ذریعے شفاف بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سرکاری ٹھیکوں میں خصوصی رعایت ختم کرنے کیلئے قوانین میں تبدیلی کی جائے گی۔ 5 کروڑ روپے سے زائد کے ٹھیکوں کی اصل ملکیت کی تفصیلات جاری کرنا ہوں گی۔ سرکاری پروکیورمنٹ کیلئے وفاق اور صوبوں میں آن لائن نظام نافذ ہوگا۔ دستاویز کے مطابق 2026ء کے آخر تک تمام وفاقی اداروں کو ای پیڈز سے منسلک کرنے کا ہدف مقرر کر دیا گیا۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں کے مالی خطرات کی نگرانی کا نیا نظام متعارف کروایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 24 روزنامہ اکثریت

دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کو جو پہلے مار پڑی ہے بھارت ابھی تک اسے سہلا رہا ہے۔ خواجہ آصف نے ایران پر امریکا یا اسرائیل کے دوبارہ حملے کے امکان کو مسترد کر دیا اور واضح کیا کہ ایران پر امریکا یا اسرائیل کے دوبارہ حملے کا کوئی امکان نہیں ہے کیونکہ دوسرے ممالک جنگ کے حق میں نہیں ہیں۔ 28 ویں ترمیم سے متعلق بات کرتے ہوئے خواجہ محمد آصف نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ 28 ویں ترمیم پر کابینہ میں ابھی تک کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 25 روزنامہ اکثریت

ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ قومی فریضے کی انجام دہی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ فعل ہے۔ دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ پولیو کے خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے خدمات انجام دینے والے اہلکار پوری قوم کا سرمایہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے اور انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی، پسماندگان کے لیے صبر و استقامت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے جنوبی وزیرستان لوئر میں وانا رستم بازار میں دھماکے کا نوٹس لیا اور پولیس حکام سے واقعے کی رپورٹ طلب کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے دھماکے میں 3 افراد کی شہادت پر اظہار افسوس کیا اور انکے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اور زخمی افراد کی جلد صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہمی کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 26 روزنامہ اکثریت

خیبر پختونخوا حکومت وفاقی حکومت سے گندم درآمد کرنے کیلئے اجازت طلب کرے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت دو دن بعد 20 مئی سے دو لاکھ پچیس ہزار ٹن گندم براہ راست زمینداروں سے خرید نے جا رہی ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اپنے وسائل سے 3500 روپے فی من کے حساب سے گندم کی خریداری کرے گی اور زمینداروں کو گندم کی قیمت 24 گھنٹے کے اندر مال سپلائی کے بعد کی جائے گی۔ مزمل اسلم نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اپنے تمام سرکاری گودام 100 فیصد گندم سے بھرے گی تاکہ گندم آف سیزن میں عوام کو سستے نرخ پر گندم اور آٹا فراہم کیا جا سکے۔ ایک دوسرے بیان میں مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے شہباز شریف حکومت کی معاشی کارکردگی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف شہباز شریف حکومت مسلسل پانچواں بجٹ پیش کرے گی جبکہ دوسری طرف مہنگائی، غربت اور بے روزگاری کے مسلسل چار بدترین سال پورے ہوں گے۔ مزمل اسلم نے کہا کہ تین آئی ایم ایف پروگرامز، اسٹیبلشمنٹ کی مکمل حمایت اور دوست ممالک سے بھاری مالی معاونت کے باوجود غیر ملکی سرمایہ کاری کم ترین سطح پر رہی اور شہباز شریف حکومت کے چار سالوں میں کریڈٹ ریٹنگز خراب رہیں۔ اس دوران عالمی قرضہ اور سرمایہ مارکیٹس میں پاکستان کی موجودگی صفر رہی۔

بقیہ نمبر 27 روزنامہ اکثریت

جنرل باڈی اجلاس میں محکمے کے افسران اور عملے نے منفقہ طور پر کہا کہ مستقل ڈائریکٹر جنرل کی عدم موجودگی محکمے کی انتظامی اور عملی کارکردگی کو شدید متاثر کر رہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کے صدر محمد سجاد نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل کی عدم موجودگی محکمے کی انتظامی اور عملی کارکردگی کو مفلوج کر رہی ہے

بقیہ نمبر 28 روزنامہ اکثریت

وزیر اعلیٰ نے خط میں نشاندہی کی کہ خیبر پختونخوا ملک میں قدرتی گیس پیدا کرنے والا ایک اہم اور سرپلس صوبہ ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق صوبہ تقریباً 494 ایم ایم سی ایف ڈی قدرتی گیس پیدا کرتا ہے جبکہ صوبے کی اوسط کھپت تقریباً 120 ایم ایم سی ایف ڈی ہے

بقیہ نمبر 29 روزنامہ اکثریت

دخلی کے ایشو پر سوال کے جواب میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے پاکستانیوں کی بے دخلی کے حوالے سے خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت وزارت خارجہ امور کے پاس کوئی ایسا ڈیٹا یا کوئی اطلاعات نہیں ہیں جس سے ظاہر ہو کہ پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا جا رہا ہو، اس بارے میں سوشل میڈیا پر چلنے والی خبریں بے بنیاد ہیں۔

بقیہ نمبر 30 روزنامہ اکثریت

ہے۔ ڈپٹی کمشنر کرم کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم کی سربراہی میں قائم کمیٹی تین روز کے اندر اپنی رپورٹ سفارشات سمیت پیش کرے گی۔ کمیٹی کے دیگر اراکین میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (میل و فی میل) اپر کرم، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر 1 ملانہ روڈ پارہ چنار، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج صدہ اور پولیس کا نمائندہ شامل ہیں۔ تحقیقاتی کمیٹی سوشل میڈیا پر وائرل کیے گئے مواد، اس کے ذرائع اور اس میں ملوث عناصر کی نشاندہی کے لیے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کرے گی۔ دوسری جانب واقعے کے خلاف علاقے بھر میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے اور حالات کشیدہ ہونے کے باعث پیر کے روز مل پارہ چنار مرکزی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی۔ مقامی آبادی، سماجی تنظیموں، طلبہ کے اہل خانہ اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ انجمن حسینیہ پارہ چنار اور انجمن فاروقیہ کی جانب سے جاری الگ الگ بیانات میں اس عمل کو گھناؤنا فعل قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ علاقائی امن خراب کرنے کی سازش ہے۔ تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ادھر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج علی زئی کی پرنسپل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض عناصر نے نہ صرف ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی بلکہ قبائلی روایات اور علاقائی امن کو بھی ٹھیس پہنچائی ہے، جس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 31 روزنامہ اکثریت

ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے، جس کے پیش نظر محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا نے اہم اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق صوبے بھر میں تقریباً 4 لاکھ 50 ہزار گاڑیوں کی رجسٹریشن کی جائے گی جبکہ تمام نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی منظم پروفائلنگ بھی کی جائے گی۔ ابتدائی مرحلے میں ضلع دیر لوئر سے گاڑیوں کی پروفائلنگ کا عمل شروع کیا جائے گا، جس کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق گاڑیوں کی پروفائلنگ کیلئے باقاعدہ سینٹرز قائم کیے جائیں گے جبکہ رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کیلئے خصوصی ایپلیکیشن بھی تیار کر لی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز نے رجسٹریشن کا عمل بروقت مکمل کرنے کیلئے باقاعدہ ٹائم فریم بھی مقرر کر دیا ہے تاکہ غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 32 روزنامہ اکثریت

اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر جوانوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت انتہائی افسوسناک واقعہ ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ انسداد پولیو جیسے قومی فریضے کی ادائیگی کے لئے ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ فعل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، صوبائی حکومت دہشت گردی کے خات

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان اوپن ہاؤس کی پروقار تقریب

تقریب کے مہمانان خصوصی میں وی سی پروفیسر ڈاکٹر عبدالجمیل، ٹیک ایونیو کے سی ای او عبید الحق اور ایم پی اے ظاہر شاہ طورو تھے

تحریر و ترتیب: ہدایت الرحمٰن ہوتی:

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان میں جاب فیئر اوپن ہاس 2026 شاندار انداز میں منعقد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے 45 معروف قومی اور بین الاقوامی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی۔ طلبہ کی جانب سے مختلف منصوبوں پر مشتمل 223 اسٹالز بھی قائم کیے گئے۔ اس جاب فیئر کے مرکزی منتظمین ڈائریکٹر آئی بی ڈاکٹر آحتشام اور ڈائریکٹر سی ڈی سی ڈاکٹر بلال تھے۔ جاب فیئر کے دوران مختلف اداروں کے طلبہ کے انٹرویوز کیے گئے جبکہ اہل امیدواروں میں ملازمت کے خطوط بھی تقسیم کیے گئے، جس سے نوجوان گریجویٹس کو براہِ راست روزگار کے مواقع میسر آئے۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی رکن صوبائی اسمبلی ظاہر شاہ طورو تھے۔ اس موقع پر صوبے کی مختلف جامعات اور کالجوں کے نمائندگان، فیکلٹی ممبران اور صنعتوں سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ شرکا میں مردان چیمبر آف کامرس کے صدر اویس خان، Touch Avenue کے سی ای Risalpur کے پرنسپل، Fazal Haq College Mardan کے پرنسپل اور دیگر سینئر حکام شامل تھے۔ اپنے خطاب میں ظاہر شاہ طورو نے میں تحقیق کے فروغ کیلئے اپنے ذاتی فنڈ سے ایک کروڑ روپے گرانٹ دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ جدید تقاضوں کے مطابق جدت، تخلیقی سوچ اور بالخصوص آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) کے شعبے میں مہارت حاصل کریں کیونکہ مستقبل میں وہی نوجوان کامیاب ہوں گے جو جدید ٹیکنالوجی سے خود کو ہم آہنگ کریں گے۔ انہوں نے صنعتوں سے بھی اپیل کی کہ نوجوان گریجویٹس کو عملی میدان میں آگے بڑھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں۔ وائس چانسلر Prof. Dr. Jamil Ahmed نے کہا کہ یونیورسٹی تعلیمی معیار، تحقیق اور طلبہ کی پیشہ ورانہ تربیت کے حوالے سے مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی نے ٹائمز ہائر ایجوکیشن رینکنگ میں خیبر پختونخوا میں پہلی جبکہ ملک بھر میں ٹاپ ٹین جامعات میں جگہ بنائی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی میں جدید فشریز ریسرچ سینٹرز، شہد کی مکھیوں کے فارم، جانوروں کی ویکسین اور جدید طبی مصنوعات کی تیاری کے منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں جو جلد مارکیٹ میں دستیاب ہوں گے۔ اس کے علاوہ بزنس انکیوبیشن سینٹر، بزنس پارک اور اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر کے قیام پر بھی کام جاری ہے تاکہ طلبہ کو کاروباری اور فنی مہارتیں فراہم کی جاسکیں۔



میاں افتخار حسین کو سکیورٹی ایڈوائزری نوٹس جاری

پرائیویٹ سکیورٹی گارڈ رکھنے اور رہائشگاہ پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کی ہدایت

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا پولیس نے اے این پی کے صوبائی صدر میاں افتخار حسین کو سکیورٹی ایڈوائزری نوٹس جاری کردیا۔ ایڈوائزری کے مطابق میاں افتخار حسین کو 24 گھنٹے پرائیویٹ سکیورٹی گارڈ رکھنے، رہائش گاہ پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے اور دیواروں پر خاردار تاریں لگانے کی ہدایت جاری کی۔ پولیس نے ہدایت (بقیہ نمبر 35)



شانگلہ کے 2 محنت کش مزدور مختلف کول مائن حادثات میں جاں بحق

پہلا افسوسناک واقعہ اخوروال کول مائن کے علاقے پال میں پیش آیا

شانگلہ (آفتاب حسین) شانگلہ کے 2 محنت کش مزدور مختلف کول مائن حادثات میں جاں بحق، 1 زخمی۔ کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے دو مختلف افسوسناک حادثات میں ضلع شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 2 محنت کش مزدور جاں بحق جبکہ 1 مزدور زخمی ہوگیا۔ دونوں واقعات نے علاقے میں غم کی فضا (بقیہ نمبر 53)

مسلط شدہ حکومت ووٹر سے خوفزدہ ہے، سلمان راجہ

8 اپریل کو سلمان صفدر کی ملاقات میں بانی نے بتایا ان کی آنکھ خراب ہورہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ مسلط شدہ حکومت ووٹر سے خوفزدہ ہے، اس لیے عمر بڑھا رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں سلمان اکرم راجا نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ساری دنیا میں ووٹنگ کی عمر کو کم کیا جارہا ہے، یہ مسلط شدہ حکومت اب عوام سے ووٹ کا حق بھی (بقیہ نمبر 63)

منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے اقدامات جاری رہیں گے، عطاء تارڑ

کوارٹر وائز فنڈز کے مکمل استعمال کو یقینی بنانے کی کوشش کرینگے، جامعات میں اے آئی کے پروگرام شروع کررہے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت کوارٹر وائز فنڈز کے مکمل استعمال کو یقینی بنانے کی کوشش کرے گی، دستیاب منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے اقدامات جاری رہیں گے، جامعات کے میڈیا ڈپارٹمنٹس میں وزارت کے تعاون سے اے آئی کے پروگرام شروع کررہے ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزارتِ اطلاعات اور خزانہ ڈویژن کے درمیان کوارٹرلی ریلیز کا میکنزم طے شدہ ہے، یوٹیلائزیشن کے مطابق ہر سہ ماہی میں فنڈز ریلیز کیے جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارتِ اطلاعات کی بیشتر ریلیزز (بقیہ نمبر 36)

سرکاری حکام عوامی مسائل فوری حل کریں، آفتاب عالم

متعلقہ حکام کو شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت، امور کی انجام دہی میں غیر ضروری تاخیر ہرگز قبول نہیں، صوبائی وزیر قانون

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے وزیر قانون و پارلیمانی امور آفتاب عالم نے پبلک ڈے کے موقع پر اپنے حلقے کے شہریوں سے ملاقاتیں کرتے ہوئے ان کے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ حکام کو شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت جاری کردی۔ صوبائی وزیر قانون سے ملاقاتوں کے دوران شہریوں نے بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بجلی و پانی کی فراہمی، صحت اور تعلیم سمیت مختلف اجتماعی و انفرادی مسائل پیش کئے۔ متعدد شہریوں نے سرکاری دفاتر میں تاخیر اور بعض عوامی منصوبوں پر سست روی سے بھی آگاہ کیا۔ آفتاب عالم نے موقع پر موجود متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات (بقیہ نمبر 64)

ویمن یونیورسٹی مردان میں تھیلیسیمیا آگاہی سیمینار

مقصد طلبہ میں تھیلیسیمیا جیسے موروثی مرض کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا

مردان، (آئی این پی) ویمن یونیورسٹی مردان کے بکھشالی کیمپس میں شعبہ بائیوٹیکنالوجی اور شعبہ سیاسیات کے اشتراک سے، جہاد فار زیرو تھیلیسیمیا (JZT) کے تعاون سے، تھیلیسیمیا کے موضوع پر ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رضیہ سلطانہ کی خصوصی سرپرستی اور منظوری شامل تھی۔ سیمینار کا مقصد طلبہ میں تھیلیسیمیا جیسے موروثی مرض کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ، اس کی (بقیہ نمبر 38)

سوات وگردونواح میں 4.9 شدت کے زلزلے کے جھٹکے

سوات (آئی این پی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور شہری کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور عمارتوں سے باہر (بقیہ نمبر 37)

مردان، رکن صوبائی اسمبلی ظاہر شاہ طورو عبدالولی خان یونیورسٹی میں جاب فیئر اوپن ہاؤس کا افتتاح کررہے ہیں

شانگلہ، غیر قانونی لکڑی اور سمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن، آرا مشین پر چھاپہ

سوات (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر شانگلہ کی ہدایت پر جنگلات کی غیر قانونی کٹائی اور لکڑی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف انتظامیہ کا کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر الپوری نے ایس ایچ او تھانہ الپوری کے ہمراہ کوز (بقیہ نمبر 39)

تحصیل حلیم زئی، تیار گندم کی فصل کو نامعلوم افراد نے آگ لگادی

حلیم زئی (آئی این پی) تحصیل حلیم زئی کے علاقے اٹوخیل میں زمیندار شاہ حسین ولد محمد شیر کی ایکڑ زمین کی گندم کو نامعلوم افراد نے آگ لگا کر جلا دیا۔ متاثرہ زمیندار شاہ حسین نے گندم کی کٹائی مکمل کرکے فصل کو تھریشر کیلئے چٹھ کی صورت میں جمع کیا تھا، تاہم نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر قصداً آگ لگا (بقیہ نمبر 40)

وفاقی محتسب نے شہری کو دو سال سے زیر التوا سکیورٹی ڈپازٹ واپس دلوادیا

سوات (آئی این پی) وفاقی محتسب ریجنل آفس سوات نے نجی ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی ٹیلی نار پاکستان کے خلاف ایک شہری کی شکایت پر مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دو سال سے زیر التوا سکیورٹی ڈپازٹ (بقیہ نمبر 41)

مہمند، زرعی شعبے میں توانائی کے متبادل راستے تلاش کرنا شروع

کسانوں کا سولر سسٹم کے ذریعے تھریشر چلانے کا تجربہ، زمینداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

مہمند (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باعث مہنگائی سے تنگ عوام نے زرعی شعبے میں بھی متبادل راستے تلاش کرنا شروع کردیے۔ ذرائع کے مطابق تحصیل صافی میں کسانوں نے سولر سسٹم کے ذریعے تھریشر چلانے کا کامیاب تجربہ کرلیا، جس کے بعد زمینداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اب تھریشر ڈیزل کے بجائے سولر توانائی سے چلایا جارہا ہے، جس سے اخراجات میں نمایاں کمی آئے گی۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ پہلے ڈیزل سے تھریشر چلانا فی گھنٹہ انتہائی مہنگا پڑتا تھا۔ ایک طرف بیج، کھاد اور زرعی (بقیہ نمبر 42)

عالمی یوم میڈوائیز، خیبر میڈیکل یونیورسٹی میں سیمینار کا انعقاد

پشاور (سٹاف رپورٹر) عالمی یوم میڈوائیز کی مناسبت سے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ہیلتھ سروسز خیبر پختونخوا نے یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ (یو این ایف پی اے) اور خیبر میڈیکل یونیورسٹی کی (بقیہ نمبر 66)

صفائی مہم، سینٹری انسپکٹرز اور فیلڈ سپروائزرز کا اجلاس

ہیڈ آف ایڈمنسٹریشن اینڈ آپریشنز طاہر عفیف کے زیر صدارت اجلاس میں پلان تشکیل

پشاور (سٹی رپورٹر) ہیڈ آف ایڈمنسٹریشن اینڈ آپریشنز طاہر عفیف کی زیر صدارت سینٹری انسپکٹرز اور فیلڈ سپروائزرز کی ایک میٹنگ منعقد کی گئی جس میں عیدالاضحیٰ کی خصوصی صفائی مہم کے پلان کو حتمی شکل دی گئی۔ میٹنگ میں سینٹری انسپکٹرز سمیت تمام ارینز کے سپروائزرز کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر خصوصی ڈیوٹیاں دی گئی۔ ہیڈ آف سٹیشن اینڈ آپریشنز طاہر عفیف نے اس موقع پر کہا کہ کوہاٹ کی عوام کو عید (بقیہ نمبر 54)

آر ٹی ایس کمیشن کے احکامات پر شہری کی ایف آئی آر درج

اسلحہ لائسنس جاری، آر ٹی ایس کمیشن میں پندرہ شہریوں کے شکایات کے شنوائی

پشاور (سٹی رپورٹر) رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن میں پندرہ عوامی شکایات کی شنوائی ہوئی۔ چیف کمشنر محمد علی شہزادہ اور کمشنر ذاکر حسین آفریدی نے شہریوں کے درخواستوں پر سماعت کی۔ چارسدہ سے معزم علی نے گاڑی کی رجسٹریشن کے لیے کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ کمیشن کے احکامات کے باوجود تاخیر ہونے پر شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔ لکی مروت سے ناز علی نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو (بقیہ نمبر 65)

مردان عبدالولی خان یونیورسٹی مردان میں منعقدہ جاب فیئر کے موقع پر شرکا کا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر جمیل احمد کے ہمراہ گروپ فوٹو

خیبر، متنازعہ اراضی پر تھانہ کی تعمیری بند کرنے کا مطالبہ

تھانہ ایک متنازعہ اراضی پر تعمیر کیا جارہا ہے، ملک شہنشاہ اور دیدن گل کی پریس کانفرنس

خیبر (آئی این پی) لنڈ یکوتل کے علاقے لوئے شلمان میں متنازعہ اراضی پر پولیس تھانہ تعمیر کیے جانے کے خلاف متاثرہ فریق نے احتجاج کرتے ہوئے کام فوری بند کرنے کا مطالبہ کردیا لوئے شلمان کے رہائشی ملک شہنشاہ اور دیدن گل نے ڈسٹرکٹ پریس کلب خیبر لنڈ یکوتل میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پولیس تھانہ ایک متنازعہ اراضی پر تعمیر کیا جارہا ہے، جبکہ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے اور (بقیہ نمبر 55)

باجوڑ، علاقائی مشران کا پولیو مہم بائیکاٹ کا اعلان

پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور 2 شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

باجوڑ (آئی این پی) باجوڑ میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے، نماز جنازہ ادا کردی گئی جبکہ علاقائی مشران نے پولیو مہم بائیکاٹ کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد پولیو مہم کے پہلے ہی روز تحصیل سلارزئی کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکار پر دو گھات لگا کر حملے کیے گئے، جس کے نتیجے میں دو پولیس کانسٹیبل شہید ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پہلا (بقیہ نمبر 56)

امریکا ایران جنگ چھڑنے کا امکان، پینٹاگون نے اہداف کا چناؤ کرلیا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا ایران جنگ کے بادل پھر منڈلانے لگے، امریکی اور اسرائیلی میڈیا کی رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم کی ایران جنگ دوبارہ چھڑنے کے امکان پر گفتگو ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 68)

ڈی جی قومی احتساب بیورو عوامی شکایات براہِ راست سنیں گے

کرپشن کے خاتمے کے سلسلے میں عوام کا تعاون بھی درکار ہے، ڈائریکٹر جنرل فرمان اللہ

کھلی کچہری (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل قومی احتساب بیورو، خیبر پختونخواہ 20 مئی کو دوپہر 2 بجے عوام کی شکایات براہِ راست سنیں گے معاشرے میں بدعنوانی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ کے احکامات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل قومی احتساب بیورو، خیبر پختونخواہ، فرمان اللہ عوام کی شکایات خود سنیں گے۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 67)

مالم جبہ میں کیبن سٹی اور کار پارکنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا فیصلہ

منصوبے سے سیاحوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی، سیاحت کو مزید فروغ حاصل ہوگا

سوات (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت کی زیر صدارت مالم جبہ میں سیاحت کے فروغ، بڑھتی ہوئی سیاحتی سرگرمیوں کو منظم بنانے اور سیاحوں کو جدید و معیاری سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں کیبن سٹی اور کار پارکنگ کے مجوزہ منصوبے سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی شوزب عباس، اسسٹنٹ کمشنر چارباغ منیر خان حلیمزئی اور نمائندہ (بقیہ نمبر 57)

پیسکو صارفین کیلئے 5 مزید فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری کردیا گیا

3 ماہ میں مجموعی طور پر 18 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری کردیا گیا، آپریشن جاری، جلد مزید فیڈرز پر بھی 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جائیگی

پشاور (سٹاف رپورٹر) موسم گرما میں صارفین کی سہولت کیلئے پیسکو نے مزید 5 فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کا مکمل خاتمہ کردیا ہے جن میں پشاور سرکل کے ڈگری اور مال روڈ فیڈر، مردان کا ٹان فیڈر، سوات سرکل کے سیدو شریف اور ایکسپریس چکدرہ سٹی فیڈرز شامل ہیں، گزشتہ 3 ماہ کے دوران پیسکو نے مجموعی طور پر 18 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری کردیا ہے اور مزید فیڈرز کو بھی عنقریب لوڈشیڈنگ فری کردیا جائیگا، پیسکو چیف اختر حمید خان کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم پاکستان اور وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر گزشتہ 3 ماہ کے دوران ان فیڈرز پر بجلی چوری اور نادہندگان کیخلاف بھرپور آپریشن کیا گیا اور لاسز کو کم کیا گیا تاکہ (بقیہ نمبر 69)

سوات، جنرل بس سٹینڈ کے حوالے سے ڈی سی کے زیر صدارت اجلاس

صفائی ستھرائی نظام بہتر، صاف پانی اور مناسب روشنی کا انتظام یقینی بنایا جائے، سلیم جان مروت

سوات (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت کی زیر صدارت جنرل بس سٹینڈ گھمبائی پاس میں عوام اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ا-بابوزئی و ٹریفک مجسٹریٹ سید عمران علی شاہ، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بابوزئی، پولیس ڈیپارٹمنٹ، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے (بقیہ نمبر 58)

عمران خان رہائی، فیصلہ کن تحریک چلانے کا اعلان

بانی پی ٹی آئی عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت بن چکے ہیں، فضل حکیم خان

سوات (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف لوئر ملاکنڈ ریجن کے صدر و ممبر صوبائی اسمبلی فضل حکیم خان یوسفزئی نے عمران خان کی رہائی کیلئے بھرپور، منظم اور فیصلہ کن تحریک چلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی ملک میں حقیقی جمہوریت، آئین و قانون کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت بن چکے ہیں۔ فضل (بقیہ نمبر 43)

قبرستان سے تجاوزات ہٹانے کیلئے اقدامات ہورہے ہیں، ڈاکٹر محسن

سول سوسائٹی اور سرکاری افسران پر مشتمل کمیٹی کا سربراہ ڈپٹی کمشنر ہو، ایڈمنسٹریٹر اوقاف

پشاور (آئی این پی) صوبائی حکومت قبرستانوں کو قبضہ مافیا کی چیرہ دستیوں سے مستقل بنیادوں پر محفوظ بنانے کے لئے تاریخی قانون سازی کررہی ہے جسکے بعد صوبے بھر کے قبرستان ہمیشہ کے لئے محفوظ ہوجائینگے اس امر کا انکشاف ایڈمنسٹریٹر محکمہ اوقاف ڈاکٹر محسن حبیب نے صحافیوں سے غیر رسمی بات (بقیہ نمبر 44)

مٹہ، ٹرانسفارمر خراب ہونے سے بجلی بند، شہری شدید مشکلات کا شکار

سوات (آئی این پی) تحصیل مٹہ میں توتکے اور مٹہ بازار کے مشترکہ ٹرانسفارمر میں فالٹ آنے کے باعث بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی جس سے (بقیہ نمبر 45)

استوری دا پختونخواہ سکالرشپ پروگرام خوش آئند ہے، داؤد خان

تعلیم کے میدان میں کامیابی حاصل کرنیوالی قومیں ہی ترقی کی منازل طے کرتی ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) کمشنر ڈیرہ داؤد خان نے کہا ہے کہ تعلیم کے میدان میں کامیابی حاصل کرنے والی قومیں ہی ترقی کے منازل طے کرتی ہیں، استوری دا پختونخواہ سکالرشپ پروگرام خیبر پختونخواہ حکومت کا انقلابی پروگرام ہے، جس کا مقصد ذہین طلبہ کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، ڈیرہ تعلیمی بورڈ امتحانی (بقیہ نمبر 70)

سابق وزیر اعلیٰ امیر حیدر خان ہوتی صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں، ضلعی صدر عمران ماندوری بھی موجود ہے

حالیہ تادیبی کارروائیاں انتظامیہ کی جانب سے سنگین واقعات کی بنیاد پر کی گئیں

مردان (نیوز ڈیسک) حالیہ تادیبی کارروائیاں انتظامیہ کی جانب سے ان سنگین واقعات کی بنیاد پر کی گئیں جن میں تشدد، بدسلوکی اور تعلیمی ماحول کو خراب کرنے کی کوششیں شامل تھیں۔ رپورٹس اور (بقیہ نمبر 71)

کوہاٹ میں بنیادی مسائل حل کرنیکی یقین دہانی

چیئرمین ڈیڈک داد آفریدی کا گیس مسائل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کا حکم

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) ضلع کوہاٹ میں گیس کی فراہمی، کم پریشر اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس چیئرمین ڈیڈک ورکن صوبائی اسمبلی داد شاہ آفریدی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں مول، او جی ڈی سی ایل اور ایس این جی پی ایل کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 72)

جی ایم پیسکو کل فیس بک لائیو کچہری کا انعقاد کریں گے

پیسکو ریجن کے صارفین گھر بیٹھے اپنی شکایات کا اندراج کمپلینٹ سیکشن میں کرا سکتے ہیں

پشاور (سٹاف رپورٹر) سی ای او پیسکو انجینئر اختر حمید خان کی ہدایت پر جنرل منیجر آپریشن پیسکو انجینئر محمد زبیر خان کل مورخہ 20 مئی بروز بدھ صبح 9 بجے سے 10 بجے تک فیس بک پر لائیو کچہری کا انعقاد کریں گے، ای کچہری کے دوران پیسکو ریجن بشمول پشاور، خیبر، صوابی، مردان، سوات، ڈی آئی خان اور بنوں سرکلز کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل/شکایات کا اندراج کمپلینٹ سیکشن میں کرا سکتے ہیں (بقیہ نمبر 59)

صوبائی وزیر برائے ریلیف عاقب اللہ خان ضم اضلاع کے لیے زچہ و بچہ خصوصی ایمبولینس سروس کے افتتاح کے موقع پر چابی دے رہے ہیں

ولی خان یونیورسٹی مردان میں جاب فیئر اوپن ہاؤس کا انعقاد

مہمانِ خصوصی سابق صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا ظاہر شاہ طورو تھے

مردان (نمائندہ خصوصی) عبدالولی خان یونیورسٹی مردان میں جاب فیئر اوپن ہاؤس 2026 کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس کی تقریب کے مہمانِ خصوصی سابق صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا ظاہر شاہ طورو تھے۔ اس موقع پر ملک بھر سے 45 نامور قومی و بین الاقوامی کمپنیوں نے بھرپور شرکت کی، جبکہ طلبا و طالبات کی جانب سے 223 مختلف پروجیکٹس کے سٹالز لگائے گئے تھے۔ اس جاب فیئر (بقیہ نمبر 60)

خیر پور میرس، قادیانیوں کی عبادت گاہوں پر قائم مینار اور محراب ختم

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، جے یو آئی، تحریک لبیک اور سنی رابطہ کمیٹی کو مبارکباد کے مستحق

خیر پور میرس (آئی این پی) گوٹھ عبدالجبار جٹ نزد اکری چودگی، گوٹھ جمال پور نزد کوٹ لالو ضلع خیر پور میرس یہ دونوں قادیانیوں کے گوٹھ ہیں ان دونوں گوٹھوں میں قادیانی عبادت گاہیں غیر قانونی طور پر مسجد کی طرز پر بنے ہوئے تھے۔ جس کے خلاف بارہا انتظامیہ کو درخواستیں دی گئیں۔ بالآخر پچھلے جمعہ کو ڈی سی ہاؤس خیر پور میرس میں کل جماعتی اجلاس ہوا۔ جس کے بعد انتظامیہ کی طرف سے 15 مئی بروز جمعہ شام تک قادیانیوں کو وقت دیا گیا کہ مینار و محراب مسلمانوں کی مساجد کی نشانیاں اور شعائرِ اسلام ہیں۔ قادیانی غیر مسلم ہونے کی وجہ سے ان کو استعمال نہیں کر سکتے۔ لہٰذا دونوں عبادت گاہوں پر قائم غیر (بقیہ نمبر 61)

سوات، عوام کو دھوکہ دینے والوں کے خلاف کارروائی کا آغاز

بریکوٹ میں مستحق افراد کے نام پر فنڈنگ، چندے اور بیرونِ ملک سے آنے والی رقوم میں خرد برد

سوات (بیورو رپورٹ) سوات سمیت تحصیل بریکوٹ میں یتیموں، بیواؤں اور غریب افراد کے نام پر فنڈنگ، چندے اور بیرونِ ملک سے سوشل میڈیا کے ذریعے آنے والی رقوم میں مبینہ خرد برد اور عوام کو دھوکہ دینے والوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مختلف اداروں اور متعلقہ حکام نے ایسے افراد اور گروہوں کی نگرانی شروع کردی ہے جو فلاحی کاموں کے نام پر عوام سے رقوم جمع کرکے (بقیہ نمبر 62)

اُمید کی کرن فاؤنڈیشن
(گائنی ویلفیئر ہسپتال اینڈ تھیلسیمیاء /ڈائیلیسز سنٹر مردان)
اُمید کی کرن فاؤنڈیشن ضلع مردان میں ایک عرصے سے انتہائی خلوص کیساتھ دُکھی انسانیت کی خدمت کررہا ہے۔ جہاں پر تھیلسیمیاء کے مریضوں کیلئے خون کی مفت منتقلی (بلڈ ٹرانسفیوژن) اور ہر قسم کے مریضوں کا معائنہ اور سکریننگ کیساتھ ساتھ (گائنی) زچہ و بچہ سے متعلق تمام تر سہولیات میسّر ہیں، اور 24 گھنٹے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کیساتھ خدمت کی رسائی کیلئے کوشاں ہیں۔
سہولیات: لیبارٹری، بلڈ بنک، لیبر روم 50% سے 70% رعایت کیساتھ
24 گھنٹے سروس
تھیلسیمیاء یونٹ
مفت معائنہ: مفت بلڈ ٹرانسفیوژن
زیر نگرانی
ڈاکٹر نور احمد خان
MBBS (KMU),RMP
MCPS In Medicine
MPH
ڈائیلیسز یونٹ
گردوں کے مریضوں کیلئے ویلفیئر چارجز پر ڈائیلیسز کی سہولت موجود ہے۔
گائنی یونٹ
ڈاکٹر واحدہ گل
MBBS (Pesh) RMP
M.C.P.S (Pesh)
Trained
سابقہ سینئر میڈیکل آفیسر جوہر خاتون ہسپتال پشاور
الٹرا ساؤنڈ سپیشلسٹ
اوقات کار: صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
ڈاکٹر شائستہ اختر
MBBS (KMU)
CDU (Islamabad)
UK-Certified Sonologist
صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
بروز جمعرات مفت معائنہ اور مفت الٹرا ساؤنڈ
زیر نگرانی کوالیفائیڈ ڈاکٹرز اینڈ سٹاف
مفت معائنہ الٹرا ساؤنڈ: بروز جمعرات
پتہ: نزد بلال مسجد کینال روڈ بجلی گھر مردان۔
Cell: +92-315-9345320
Tel: +92-937-876329
+92-937-862789

Mardan Palace Marquee
مردان پیلس
شادی ہال
C.E.O
0321-93031173
G.M
0313-7740400
M.D
0345-6407407
النور پلازہ، ایکسپریس اسٹور، نوشہرہ روڈ، مردان

OPD TIME
MEDICAL OPD (1pm To 7pm) پیر تا ہفتہ
PAEDIATRICS OPD (1pm To 7pm) جمعرات، جمعہ، ہفتہ
GYNAECOLOGY OPD (1pm To 7pm) پیر تا ہفتہ
SURGICAL OPD (1pm To 7pm) پیر اور بدھ
NEUROLOGY OPD (1pm To 7pm) جمعہ
DENTISTRY OPD (10am To 7pm) پیر تا ہفتہ
ORTHOPAEDICS OPD (1pm To 7pm) جمعہ
Timings 1pm-7pm
24hr SERVICE EVERYDAY
لیبر روم کی سہولت موجود ہے
نیورولوجسٹ (اعصابی امراض کے ماہر) ڈاکٹر آزرنگ فیاض ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس، ایم آر سی پی (یو کے) کلینک کا وقت: جمعہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
جنرل میڈیسن ڈاکٹر عبید اللہ ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس کلینک کا وقت: پیر تا ہفتہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
ڈینٹل سرجن ڈاکٹر طلحہ مقبول بی ڈی ایس کلینک کا وقت: پیر تا ہفتہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
ماہر اطفال (چائلڈ اسپیشلسٹ) ڈاکٹر وقار علی خان ایم بی بی ایس، ایم سی پی ایس کلینک کا وقت: اتوار، جمعہ، ہفتہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
آرتھوپیڈک سرجن (ہڈیوں کے ماہر) ڈاکٹر ضیاد احمد ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس کلینک کا وقت: جمعہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
ماہر امراض نسواں (گائناکالوجسٹ) ڈاکٹر سنبل علی ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس 1 کلینک کا وقت: پیر تا ہفتہ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
جنرل/لیپروسکوپک سرجن ڈاکٹر وقاص الرحمٰن ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس، ایم آر سی ایس کلینک کا وقت: منگل اور بدھ / شام 1 بجے سے 7 بجے تک
ایڈریس: صحت کور ہسپتال چارسدہ روڈ نزد منصب پل مردان